★★★DAILY POWER OF PAKISTAN★★★

گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، لاہور، اسلام آباد کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

روزنامہ

اسلام آباد

پاور آف پاکستان

چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی

ایگزیکٹو ایڈیٹر: عمیر سندھو

جلد: 02 | جمعرات 16 اکتوبر 2025ء 21 ربیع الثانی 1447ھ صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ: 65

فلسطینیوں کی نسل کشی کو دنیا نے دیکھا سینیٹر فائر خوش آئند ہے، بلاول بھٹو

سندھ کا مقابلہ کسی شہر یا صوبے سے نہیں بلکہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک سے ہے، سندھ کا مقابلہ تو کسی اور شہر اور صوبے سے ہے ہی نہیں بلکہ سندھ کا مقابلہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک سے ہے

کتاب لکھنے والے تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں، بینظیر بھٹو نے بھی دو تین کتابیں لکھی تھیں، پارٹی کے سینئر رہنماؤں سے کہتا ہوں کہ کتاب ضرور لکھیں، پیپلز پارٹی نے پاکستان کے آئین کی کتاب میں بھی کردار ادا کیا

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ کا مقابلہ کسی شہر یا صوبے سے نہیں بلکہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک سے ہے، (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے گرینڈ نیشنل اسمبلی آف ترسڑا کٹر نعمان کرمش اور آذربائیجان کی لی مجلس کی اسپیکر غفارہ والا کے ہمراہ پارلیمانی وفد ملاقات کر رہا ہے۔

لوگ نیشنل ایکشن پلان پڑھے بغیر کنفیوژن پیدا کر رہے ہیں، بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ لوگ نیشنل ایکشن (بقیہ نمبر 2)

انسداد دہشت گردی عدالت کا علیمہ خان کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے علیمہ خان کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف جناح میڈیکل کمپلیکس اینڈ ریسرچ سینٹر کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

افغانستان سے کشیدگی، دہشتگردی بڑھنے کا خطرہ، سیاسی حل نکالنا چاہیے، عمران خان

بانی نے دہشتگردی کا ذکر کیا اور کہا پی ٹی آئی ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتی ہے، اس مسئلے کا حل نکالنا ہے، فوج بھی میری ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان نے کہا ہے کہ افغانستان سے کشیدگی کے نتیجے میں دہشت گردی بڑھنے کا خطرہ ہے، دہشت گردی کے خاتمے کا حل سیاسی طور پر نکالنا چاہیے۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی میں توشہ خانہ ٹو کیس کی سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے بعد چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان، سینیٹر علی ظفر اور بیرسٹر سیف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کے پی میں تبدیلی کے (بقیہ نمبر 6)

ایران ایئر کا پاکستان کیلئے فلائٹ آپریشن شروع کرنے کا اعلان

ابتدائی طور پر ہفتہ وار ایک پرواز مشہد اور لاہور کے درمیان آپریٹ ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ایران ایئر نے پاکستان کیلئے فلائٹ آپریشن شروع کرنے کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ابتدائی طور پر ہفتہ وار ایک پرواز مشہد اور لاہور کے درمیان آپریٹ ہوگی، پروازوں سے مشہد سے لاہور کے درمیان فضائی رابطہ بحال ہو جائے گا (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی، جڑواں شہروں میں چلنے والی میٹرو بس سروس بحال کر دی گئی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی اور اسلام آباد میں چلنے والی میٹرو بس (بقیہ نمبر 5)

مضبوط فلسطینی ریاست کا قیام پاکستان کی خارجہ پالیسی کی بنیاد اور رہے گی، شہباز شریف

پاکستان کی سب سے اہم ترجیح غزہ میں نسل کشی کی مہم کو فوری طور پر روکنا تھا، دیگر برادر ممالک کے ساتھ مل کر اس ترجیح کو تسلسل کے ساتھ بیان کیا گیا اور تقویت دی گئی

صدر ٹرمپ کے لیے ہمارا شکریہ اس بات کی بنا پر ہے کہ وہ اسے روکیں گے اور اس وعدے کو پورا کریں گے، ہم امن کے لیے صدر ٹرمپ کے منفرد کردار کی تعریف کرتے رہیں گے

شرم الشیخ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ فلسطینی عوام کی آزادی، عزت اور خوشحالی پاکستان کی بنیادی ترجیح ہے، 1967ء سے پہلے کی سرحدوں کے مطابق ایک مضبوط اور قابل عمل فلسطینی ریاست کا قیام جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو، پاکستان کی مشرق وسطیٰ پالیسی کی بنیاد رہا ہے اور رہے گا۔ شرم الشیخ میں غزہ امن سربراہ اجلاس میں شرکت کے بعد وطن واپسی سے پہلے سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ''ایکس'' پر ایک پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ شرم الشیخ میں غزہ امن سربراہ اجلاس میں شرکت کے بعد وطن واپسی کے لیے ہوائی جہاز پر سوار (بقیہ نمبر 10)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی امریکی وزیر خارجہ سے ملاقات

عالمی برادری کو غزہ اور فلسطین کے عوام کی انسانی امداد جاری رکھنی چاہیے، اسحاق ڈار کی گفتگو

شرم الشیخ (این این آئی) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات ہوئی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو سے ملاقات شرم الشیخ میں غزہ امن سمٹ کے موقع پر ہوئی۔ اس موقع پر اسحاق ڈار (بقیہ نمبر 7)

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کا بادشاہی مسجد کا دورہ

لاہور (این این آئی) سیکرٹری/ چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے بادشاہی مسجد کا دورہ کیا۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل محمد بن عبدالکریم العیسیٰ ملاقات کر رہے ہیں۔

پنجاب میں سیوریج واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کی تنصیب کا جامع پلان

وزیراعلیٰ کی ہدایت پر اضلاع میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس پر غور

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے بھر میں سیوریج واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کی تنصیب کے لیے جامع منصوبہ بندی کی جا رہی ہے، واسا ایجنسیوں کے تحت تمام اضلاع میں ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کے قیام پر غور کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے (بقیہ نمبر 9)

آصفہ بھٹو زرداری کی مٹہ میں انسدادِ پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) خاتونِ اوّل بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے سوات کے علاقے مٹہ میں انسدادِ (بقیہ نمبر 13)

صحیح کام کیا جائے تو ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے، جہانگیر ترین

لاہور (این این آئی) جہانگیر خان ترین نے ضلع خانیوال کے دو سرکاری سکولوں میں سائنس وجدید (بقیہ نمبر 12)

محسن نقوی کی مٹہ میں انسدادِ پولیو ٹیم پر فائرنگ کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سوات کے علاقے مٹہ میں انسدادِ پولیو ٹیم پر (بقیہ نمبر 11)

پاکستان اور امریکا کے درمیان ٹیرف معاہدے پر کامیاب مذاکرات

وزیر خزانہ کا اطمینان کا اظہار، امریکی کمپنیوں کو تیل وگیس، معدنیات، زراعت اور آئی ٹی میں سرمایہ کاری کی دعوت

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان اور امریکا کے درمیان ٹیرف معاہدے پر ہونے والے کامیاب مذاکرات پر وزیر خزانہ نے اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کے سالانہ اجلاسوں میں شرکت کے لیے واشنگٹن میں موجود ہیں (بقیہ نمبر 14)

لاہور، اورنج ٹرین اور میٹرو بس سروس مکمل طور پر بحال

تمام میٹرو بس سٹیشنز اور اورنج لائن ٹرین سٹاپس شہریوں کے لیے کھول دیئے گئے

لاہور (این این آئی) لاہور میں اورنج لائن ٹرین اور میٹرو بس سروس مکمل طور پر بحال کر دی گئی۔ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کے مطابق راستوں کی بندش کے باعث عارضی طور پر معطل کی گئی سروسز اب معمول کے مطابق جاری ہیں، اورنج لائن ٹرین پانچ روز بندش کے بعد دوبارہ اپنے تمام سٹیشنز پر شیڈول کے مطابق رواں دواں ہے، میٹرو بس سروس بھی چار روز کے تعطل کے بعد بحال کر دی گئی۔ اتھارٹی کے مطابق تمام میٹرو بس سٹیشنز اور اورنج لائن ٹرین سٹاپس شہریوں کے لیے (بقیہ نمبر 15)

ہسپتالوں میں پاگل کتوں کے کاٹنے کی ویکسین نہ ہونے پر حکومت سے جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پاگل کتوں کے کاٹنے کی ویکسین کی عدم دستیابی کے خلاف دائر درخواست پر محکمہ صحت سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس خالد اسحاق نے ینگ ڈاکٹرز کی تنظیم کی درخواست (بقیہ نمبر 16)

قائمہ کمیٹی کی مقامی افراد کو ٹول ٹیکس سے استثنیٰ دینے کی تجویز

سرکاری عمارتوں میں قائم ڈاک خانے بند نہیں کیے جاتے، پاکستان پوسٹ حکام کی بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات نے کراچی تا حیدرآباد ایم-9 موٹروے پر ٹول پلازوں کی غیر معمولی تعداد پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) پر بیوروکریسی طرزِ عمل اختیار کرنے کا الزام عائد کر دیا۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے مواصلات کا اجلاس چیئرمین اعجاز حسین جکھرانی کی زیر صدارت ہوا، جس میں پاکستان پوسٹ آفس، نیشنل ہائی وے اتھارٹی اور مختلف شاہراہ منصوبوں سے (بقیہ نمبر 17)

امریکا کیساتھ ٹیرف معاہدے پر کامیاب مذاکرات خوش آئند ہیں، وزیر خزانہ

ملک کی ترقی میں نجی شعبے کو قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا، پاکستان تیزی سے ڈیجیٹل اختراع اور مالیاتی خدمات کا ابھرتا ہوا مرکز بن رہا ہے

واشنگٹن (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے امریکا کے ساتھ ٹیرف معاہدے پر کامیاب مذاکرات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی ترقی میں نجی شعبے کو قائدانہ کردار ادا کرنا ہوگا، حکومت کاروباری طبقے کو درپیش مشکلات سے آگاہ ہے اور انہیں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے یہ بات واشنگٹن ڈی سی میں امریکی محکمہ خزانہ کے اسسٹنٹ (بقیہ نمبر 30)

کھیل کھلاڑی

Sports

لاہور ٹیسٹ: دوسرے روز کا کھیل ختم، جنوبی افریقا نے 6 وکٹ کے نقصان پر 216 رنز بنا لیے

جنوبی افریقا کی پہلی وکٹ 45 رنز پر گری جب ایڈن مارکرم 20 رنز بنا کر نعمان علی کی گیند پر کیچ آؤٹ ہو گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور جنوبی افریقا کے درمیان پہلے ٹیسٹ میچ میں دوسرے روز کا کھیل ختم ہوگیا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جا رہے پہلے ٹیسٹ کے دوسرے روز کے اختتام پر جنوبی افریقا نے پاکستان کیخلاف اپنی پہلی اننگز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 216 رنز بنا لیے ہیں۔ ٹونی ڈی زورزی 81 اور سینوران متھوسامی 6 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ ہیں۔ پاکستان کی طرف سے نعمان علی نے 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا، قبل ازیں پاکستان کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 378 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ جنوبی افریقا کی پہلی وکٹ 45 رنز پر گری جب ایڈن مارکرم 20 رنز بنا کر نعمان علی کی گیند پر کیچ آؤٹ ہوگئے، 80 کے مجموعی اسکور پر ویان ملڈر بھی 17 رنز بنا کر نعمان علی کا شکار بنے۔ 174 کے مجموعی اسکور پر ریان ریکلٹن 71 رنز بنا کر آغا سلمان کی گیند پر پویلین لوٹ گئے، ٹرسٹن اسٹبس 8 رنز بنا کر نعمان علی کا شکار بنے جبکہ ڈیوالڈ بریوس صفر پر ساجد خان کی بال پر شان مسعود کے ہاتھوں کیچ آؤٹ ہوئے۔ 200 کے مجموعی اسکور پر کائل ویرین 2 رنز بنا کر نعمان علی کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوئے۔ قبل ازیں پاکستان نے آج صبح 313 رنز 5 وکٹوں کے نقصان کے ساتھ دوسرے روز کے کھیل کی شروعات کی تھی۔ محمد رضوان 62 اور سلمان آغا 52 رنز کے ساتھ بیٹنگ کیلئے آئے۔ جنوبی افریقا کے بولر سینوران متھوسامی کی تباہ کن بولنگ کے سامنے پاکستانی بلے باز ریت کی دیوار ثابت ہوئے اور پاکستان ٹیم 378 رنز پر آل آؤٹ سینوران متھوسامی نے دوسرے روز چار وکٹیں حاصل کیں جبکہ میچ میں انہوں نے مجموعی طور پر 6 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ میچ کے 102 ویں اوور میں سینوران متھوسامی نے تین پاکستانی کھلاڑیوں کو پویلین بھیجا، مذکورہ اوور کی تیسری گیند پر محمد رضوان 75 رنز بنا کر کیچ آؤٹ ہوئے جبکہ اسی اوور کی پانچویں گیند پر نعمان علی صفر پر بولڈ ہوگئے، چھٹی گیند پر ساجد خان بھی بغیر کوئی رن بنائے کیچ تھما بیٹھے۔ شاہین آفریدی بھی 7 رنز بنا کر متھوسامی کا شکار بنے جبکہ سلمان علی آغا 93 رنز بنا کر سبرائن کی گیند پر متھوسامی کے ہاتھوں کیچ آؤٹ ہوئے۔

دہلی ٹیسٹ: بھارت کو ویسٹ انڈیز کیخلاف فتح کیلئے 58 رنز درکار

دوسری اننگز میں ویسٹ انڈیز کی طرف سے جون کیمپبیل اور سائی ہوپ کی سنچریاں

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ویسٹ انڈیز کیخلاف دوسرے ٹیسٹ میں بھارت کو میچ جیتنے کیلئے 58 رنز درکار ہیں، پیر کو چوتھے روز کے اختتام پر بھارت نے اپنی دوسری اننگز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 63 رنز بنا لیے۔ بھارت نے 121 رنز کے تعاقب میں اپنی دوسری اننگز کا آغاز کیا تو یشسوی جیسوال 8 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے، کے ایل راہول 25 اور سائی سدھرزن 30 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ ہیں۔ قبل ازیں بھارت کیخلاف دوسرے ٹیسٹ میں فالو آن کا شکار ویسٹ انڈیز کی ٹیم اپنی دوسری اننگز میں 390 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔ دہلی میں کھیلے جا رہے میچ کے چوتھے روز ویسٹ انڈیز نے 173 رنز دو وکٹوں کے نقصان کے ساتھ چوتھے روز کے کھیل کا آغاز کیا، جے ڈی کیمپبیل 87 اور سائی ہوپ 66 رنز کے ساتھ بیٹنگ کیلئے آئے۔ 212 رنز پر ویسٹ انڈیز کی تیسری وکٹ گری جب کیمپبیل 115 رنز بنا کر جڈیجا کی گیند پر ایل بی ڈبلیو ہوگئے۔ ویسٹ انڈیز کی چوتھی وکٹ 271 رنز پر گری جب سائی ہوپ 103 رنز بنانے کے بعد محمد سراج کی گیند پر آؤٹ ہوگئے جس کے بعد تیون املاچ 12 رنز بنا کر ایل بی ڈبلیو ہوگئے۔ روسٹن چیز نے 40 رنز بنائے، کھارے پیرے 0، جومیل واریکن 3، اینڈرسن فلپس 32 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جبکہ جسٹن گریوز 50 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے۔ بھارت کی جانب سے کلدیپ یادیو اور جسپریت بمراہ نے 3، 3 محمد سراج نے 2، روندرا جڈیجا اور واشنگٹن سندر نے ایک، ایک وکٹ حاصل کی۔

جنوری میں پاکستان ٹیم کا دورہ سری لنکا متوقع

حالیہ کشیدگی کے سبب آئندہ ماہ افغان ٹیم کے دورہ پاکستان پر بھی خدشات سامنے آگئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) جنوری 2026 میں پاکستان ٹیم کے دورہ سری لنکا کا امکان ہے، دونوں بورڈز کے درمیان بات چیت جاری ہے، اگر معاملات طے پا گئے تو پلیئرز کو بگ بیش کے لیے این او سی میں مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ادھر حالیہ کشیدگی کے سبب آئندہ ماہ افغان ٹیم کے دورہ پاکستان پر بھی خدشات سامنے آگئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور سری لنکن کرکٹ بورڈز ان دنوں آئندہ سال کی سیریز پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں، ممکنہ طور پر تین ٹی ٹوئنٹی کولمبو میں کھیلے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق بات چیت میں 8، 10 اور 12 جنوری کو میچز رکھنے پر اتفاق ہوگیا تاہم دیگر معاملات کا جائزہ لینے کے بعد سیریز کو حتمی شکل دی جائے اس سے قبل سری لنکن ٹیم کو رواں سال نومبر میں پاکستان آنا ہے، پہلے 11 سے 15 نومبر تک میزبان کے ساتھ تین ون ڈے میچز ہوں گے، پھر 17 سے 29 نومبر تک افغانستان کی شمولیت سے ٹرائنگولر سیریز شیڈول ہے، البتہ پاک افغان کشیدگی کے سبب ابھی واضح نہیں کہ ٹرائنگولر سیریز ہوگی یا پاک سری لنکن ٹیمیں باہمی میچز کھیلیں گی۔

ڈیرن سیمی ویسٹ انڈیز کی ٹیسٹ ٹیم کے کوچ بھی بن گئے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ویسٹ انڈیز کرکٹ بورڈ نے سابق کپتان ڈیرن سیمی کو ٹیسٹ ٹیم کا نیا کوچ مقرر کر دیا۔ اس تقرری کے بعد ڈیرن سیمی اب ویسٹ انڈیز کے تینوں فارمیٹس میں کوچ بن گئے، وہ اسے قبل ٹی 20 اور ون ڈے ٹیم کے بھی کوچ تھے۔ بورڈ کے مطابق سیمی یکم اپریل 2025 سے ٹیسٹ ٹیم کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے، وہ آندرے کولی کی جگہ لیں گے، جو سردست ٹیسٹ ٹیم کی کوچنگ کر رہے ہیں۔ بطور کھلاڑی انہوں نے ٹیم کی قیادت کرتے ہوئے 2 ٹی 20 ورلڈ کپ (2012 اور 2016) جتوائے، یہ ویسٹ انڈیز کے لیے تاریخی کامیابیاں تھیں۔

راشد خان نے وسیم اکرم اور مشتاق کا ون ڈے ریکارڈ برابر کر دیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) افغان اسٹار اسپنر راشد خان نے ہفتے کو بنگلہ دیش کے خلاف دوسرے ون ڈے میں 5 وکٹیں اڑا کر سابق پاکستانی کپتان وسیم اکرم اور اسپنر مشتاق کا ریکارڈ برابر کر لیا۔ راشد نے کیریئر میں چھٹی بار ون ڈے انٹرنیشنل میں 5 یا زائد شکار کیے، اُن سے قبل سونگ کے سلطان وسیم اکرم اور آف اسپنر مشتاق بھی پاکستان کی جانب سے ون ڈے کرکٹ میں 6،6 بار یہ کارنامہ انجام دے چکے ہیں۔ راشد خان کے علاوہ اس فہرست میں محمد شامی (بھارت)، ٹرینٹ بولٹ (نیوزی لینڈ) اور لانس کلوسنر (جنوبی افریقہ) بھی 6،6 بار کارنامہ انجام دینے والوں میں شامل ہیں۔ ون ڈے کرکٹ میں سب سے زیادہ پانچ وکٹیں لینے کا عالمی ریکارڈ پاکستان کے وقار یونس کے پاس ہے جنہوں نے 13 بار یہ کارنامہ انجام دے رکھا ہے۔ دوسرے نمبر پر سری لنکن اسپنر مرلی دھرن نے 10 بار جبکہ مچل اسٹارک، بریٹ لی اور شاہد آفریدی 9،9 بار پانچ وکٹیں لے کر تیسرے نمبر پر ہیں۔

بھارت، دوران میچ بولر اپنی ٹیم کو میچ جتوانے کے بعد پچ پر ہی چل بسا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) بھارت میں ایک افسوس ناک واقعہ پیش آیا جہاں ایک مقامی کرکٹر اپنی ٹیم کو میچ جتوانے کے بعد مبینہ طور پر دل کا دورہ پڑنے سے چل بسا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اتر پردیش کے ضلع مرادآباد میں کرکٹ ٹورنامنٹ میں ایک سینئر بولر میچ جتوانے کے فوراً بعد میدان میں ہی گر کر اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھا۔ یہ واقعہ اتوار کو پیش آیا، جہاں اتر پردیش ویٹرنز کرکٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام مرادآباد اور سنبھل کی ٹیموں کے درمیان میچ جاری تھا۔ مرادآباد کے خلاف سنبھل کی ٹیم کو میچ جیتنے کیلئے آخری 4 گیندوں پر 14 رنز درکار تھے۔ اس موقع پر مرادآباد کے سینئر لیفٹ آرم فاسٹ بولر احمر خان نے شاندار آخری اوور کیا اور اپنی ٹیم کو 11 رنز سے جیت دلا دی۔ تاہم اوور کی آخری گیند کرانے کے فوراً بعد احمر خان اچانک پچ پر گر گئے۔

پی سی بی کی فری ٹکٹ پالیسی سے قذافی اسٹیڈیم کی رونق بڑھ گئی

پی سی بی کی جانب سے شائقین کرکٹ کے لیے متعارف کروائی گئی فری ٹکٹ پالیسی انتہائی کامیاب ثابت ہوئی

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ کی فری ٹکٹ پالیسی سے قذافی اسٹیڈیم کی رونق بڑھ گئی۔ پی سی بی کی جانب سے شائقین کرکٹ کے لیے متعارف کروائی گئی فری ٹکٹ پالیسی انتہائی کامیاب ثابت ہوئی جس کے باعث قذافی اسٹیڈیم لاہور میں پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان جاری پہلے ٹیسٹ میچ میں تماشائیوں کی غیر معمولی تعداد دیکھی گئی۔ اسٹیڈیم کے اندر اور باہر عوام کا جوش و خروش دیدنی تھا، عمران خان، فضل محمود، رمیز راجہ، عبدالقادر اور سرفراز نواز سمیت دیگر انکلوژرز میں کثیر تعداد میں تماشائی موجود تھے، شائقین نے ہاتھوں میں قومی پرچم، پوسٹرز اور کھلاڑیوں کے ناموں والے بینرز اٹھا رکھے تھے۔ پاکستانی بیٹنگ کے دوران جب امام الحق اور شان مسعود نے شاندار اسٹروک کھیلے تو اسٹیڈیم نعروں، تالیوں اور قومی نغموں سے گونج اٹھا، بابر اعظم کی گراؤنڈ آمد پر کرکٹ فینز نے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کیا، تماشائیوں کا کہنا تھا کہ پی سی بی کی جانب سے مفت داخلے کا فیصلہ نہ صرف قابل تعریف ہے بلکہ اس سے شائقین کرکٹ میں کھیل کے لیے دلچسپی مزید بڑھی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹیسٹ میچ میں بھی کرکٹ فینز کا بڑی تعداد میں آنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وہ کرکٹ سے کتنی محبت کرتے ہیں۔ ادھر کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے سیکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے تھے، لاہور پولیس، رینجرز اور انتظامیہ کی مشترکہ کاوشوں سے اسٹیڈیم اور اس کے اطراف مکمل سیکیورٹی ہائی الرٹ تھی۔

شمبن گل نے ٹنڈولکر اور کوہلی کا ریکارڈ توڑ دیا

شمبن گل نے ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میں آؤٹ ہوئے بغیر 129 رنز بنائے

لاہور (سپورٹس ڈیسک) بھارت کی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے کپتان شمبن گل نے ویسٹ انڈیز کے خلاف سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میں سنچری بنا کر سچن ٹنڈولکر کو پیچھے چھوڑ دیا اور ویرات کوہلی کا ریکارڈ توڑ دیا۔ شمبن گل نے نئی دہلی میں کھیلے جا رہے سیریز کے دوسرے ٹیسٹ میں ویسٹ انڈیز کے خلاف آؤٹ ہوئے بغیر 129 رنز بنائے اور 5 وکٹوں پر 518 رنز کے مجموعے پر اننگز ڈیکلیئر کر دی۔ بھارتی کپتان کی ٹیسٹ میں کیریئر کی 10 سنچری بنائی اور بطور کپتان نیا سنگ میل عبور کر لیا۔ شمبن گل نے بطور کپتان 12 اننگز میں پانچویں سنچری بنائی جو ٹیسٹ کرکٹ کی تاریخ میں تیز ترین پانچ سنچریاں بنانے والے تیسرے کپتان بن گئے ہیں، اس سے قبل انگلینڈ کے سابق کپتان الیسٹر کک نے 9 اننگز اور بھارت کے ہی سنیل گواسکر نے 10 اننگز میں یہ ریکارڈ بنایا تھا۔ بھارت کی کرکٹ میں یہ تیسرا موقع ہے جہاں ٹیسٹ کپتان نے ایک سال میں 5 سنچریاں بنائی ہیں، اس سے قبل ویرات کوہلی نے 2017 اور 2018 میں یہ ریکارڈ بنایا تھا جو 18 اننگز پر مشتمل تھا تاہم شمبن گل نے 12 اننگز میں یہ سنگ میل عبور کر کے کوہلی کا ریکارڈ توڑ دیا۔

دیمنز ورلڈ کپ میں نئی تاریخ رقم، آسٹریلیا نے بھارت کے خلاف 331 رنز کا ہدف عبور کر لیا

کپتان ایلیسا ہیلی نے 107 گیندوں پر 142 رنز کی شان دار اننگز کھیل کر ٹیم کو مضبوط پوزیشن میں پہنچایا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آئی سی سی ویمن ورلڈ کپ میں آسٹریلوی ویمن ٹیم نے بھارت کے خلاف 331 رنز کا بڑا ہدف حاصل کر کے ون ڈے کرکٹ میں نئی تاریخ رقم کر دی۔ وشاکا پٹنم کے میدان پر کھیلے گئے اس ہائی اسکورنگ مقابلے میں بھارتی بیٹنگ لائن نے ابتدا میں شاندار کارکردگی دکھائی۔ اوپنرز سمرتی مندھانا اور پراتیکا راول نے 155 رنز کی دھواں دار شراکت سے بنیاد رکھی۔ سمرتی نے 80 اور پراتیکا نے 75 رنز کی برق رفتار اننگز کھیل کر ٹیم کو مضبوط آغاز فراہم کیا۔ بعد ازاں ہرلین دیول (38)، جیاما روڈریگز (33) اور رچا گھوش (32) نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ بھارتی ٹیم 49 ویں اوور میں 330 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔ آسٹریلیا کی جانب سے انابیل سدرلینڈ نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے 5 کھلاڑیوں کو پویلین واپس بھیجا۔ جواب میں آسٹریلوی اننگز کا آغاز فیبی لیچفیلڈ اور کپتان ایلیسا ہیلی نے پراعتماد انداز میں کیا۔ دونوں نے پہلی وکٹ پر 85 رنز کی شراکت قائم کی۔ لیچفیلڈ 40 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں، جب کہ ایلسا پیری نے 47 رنز کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہ کر ٹیم کو فتح دلائی۔ میچ کا ٹرننگ پوائنٹ اس وقت آیا جب کپتان ایلیسا ہیلی نے 107 گیندوں پر 142 رنز کی شان دار اننگز کھیل کر ٹیم کو مضبوط پوزیشن میں پہنچایا۔ درمیان میں کچھ وکٹیں ضرور گریں، لیکن اسٹیلے گارڈنر نے 55 رنز بنا کر کپتان کا بھرپور ساتھ دیا۔ جب میچ نازک مرحلے میں داخل ہوا تو زخمی ایلسا پیری دوبارہ میدان میں آئیں اور 47 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیل کر آسٹریلیا کو ایک اور قبل سی فتح دلا دی۔ یہ پہلا موقع ہے کہ ویمن ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ میں کسی ٹیم نے 331 رنز کا ہدف کامیابی سے حاصل کیا ہو۔ آسٹریلیا کی اس شاندار کامیابی نے نئی تاریخ رقم کر دی اور ویمن کرکٹ میں چیسنگ کا نیا معیار قائم کیا۔

Showbiz

رونق میلہ

ڈاکٹر زینب سے طلاق کی خبریں، فیروز خان کی سابقہ اہلیہ کا بیان وائرل

فیروز خان نے 2024 میں اپنی سائیکلوجسٹ ڈاکٹر زینب سے دوسری شادی کر لی تھی

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان شوبز کے معروف اداکار فیروز خان کی سابقہ اہلیہ، علیزے سلطان نے حال ہی میں اپنے وی لاگ میں اس سماجی رویے پر سوال اٹھایا ہے جس کے تحت بچوں کی پرورش اور تعلیم کی ذمہ داری صرف ماں پر ڈال دی جاتی ہے۔ علیزے سلطان کا کہنا تھا کہ اگر والدین کے درمیان طلاق یا علیحدگی ہو جائے تو والد کی ذمہ داری صرف مالی تعاون تک محدود نہیں ہونی چاہیے بلکہ اسے بچوں کی پرورش میں برابر کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے معاشرے میں یہ بات عام ہے کہ بچوں کی ہر ضرورت، چاہے وہ اسکول لے جانے کی ہو یا روزمرہ کے معاملات پوری کرنے کی، ماں کی ہی ذمہ داری ہے۔

پاوری گرل شو میں انٹری کے دوران لڑکھڑا گئیں، ویڈیو وائرل

لاہور (شوبز رپورٹر) سوشل میڈیا اسٹار سے اداکاری کی دنیا میں قدم رکھنے والی دنانیر مبین ایک بار پھر ایوارڈ شو کے ریڈ کارپٹ پر پیش آنے والے دلچسپ واقعے کے باعث خبروں کی زینت بنی ہوئی ہیں۔ 'پاوری ہو رہی ہے' وائرل ویڈیو سے شہرت حاصل کرنے والی دنانیر اس وقت امریکا کے شہر ہیوسٹن میں ایک ایوارڈ تقریب میں شریک تھیں، جہاں ریڈ کارپٹ پر چلتے ہوئے وہ اچانک لڑکھڑا گئیں، تاہم انہوں نے توازن بحال کرتے ہوئے خود کو گرنے سے بچا تقریب میں دانانیر نے ہلکے نیلے رنگ کا چمکدار سلکی گاؤن زیب تن کیا ہوا تھا۔ اس سے قبل بھی ایک ایوارڈ شو میں دنانیر اس ہی طرح لڑکھڑا کر گر پڑیں تھیں تب انہیں ساتھی اداکار خوشحال خان نے سہارا دیا تھا۔

اسکاٹ لینڈ کی خاتون نے ترک ڈرامے سے متاثر ہو کر اسلام قبول کر لیا

ترک ڈراما دیکھ کر اسلام کی جانب راغب ہوئی اور دو سال تک قرآن کا مطالعہ کیا؛ خاتون

لاہور (شوبز رپورٹر) ترک ڈرامے ''کورولوش عثمان'' سے متاثر ہو کر اسکاٹ لینڈ کی خاتون دائرہ اسلام میں داخل ہوگئیں۔ شوبز کی دنیا میں ترک ڈراما سیریز کا جادو اب صرف تفریح تک محدود نہیں رہا بلکہ دلوں کو بدلنے کا سبب بھی بن رہا ہے۔ سلطنتِ عثمانیہ پر مبنی معروف سیریز 'ارطغرل غازی' اور اس کے سیکوئل 'کورولوش عثمان' نے بے شمار دلوں کو متاثر کیا۔ ایسا ہی ہدایت کا ایک سفر اسکاٹ لینڈ کی خاتون نے بھی شروع کیا جس کا آغاز کولوروعثمان دیکھ کر شروع ہوا تھا۔ انھوں نے اسلامی کتب کا مطالعہ شروع کیا اور قرآن پڑھنے کے دوران ان کے بے قرار دل کو سکون کی دولت میسر آئی۔ اسکاٹ لینڈ سے تعلق رکھنے والی خاتون جولیٹا لوریتا مارٹینز نے اعتراف کیا کہ وبا کے دوران ترک سیریز دیکھنا شروع انھوں نے مزید بتایا کہ ارطغرل اور عثمان نے مجھے ترک تاریخ اور اسلامی کرداروں کے قریب کر دیا جس کے بعد میں نے باقاعدہ تحقیق شروع اسکاٹش خاتون نے مزید بتایا کہ میں نے قرآن پڑھنا شروع کیا اور دو سال تک مسلسل مطالعے اور غور وفکر کے بعد مجھے حقیقت کا ادراک ہوگیا۔ جس کے بعد اسکاٹش خاتون کلمہ شہادت پڑھ کر اسلام میں داخل ہوگئیں۔ جولیٹا کا کہنا ہے کہ قرآن نے مجھے وہ سکون دیا جو دنیا میں کہیں نہیں پایا تھا۔ میں نے اپنی اصل تلاش ترک پروڈکشن کمپنی نے بتایا کہ اسلام قبول کرنے والی جولیٹا نے نہ صرف ترک ثقافت میں دلچسپی لی بلکہ اسلام کی تعلیمات کو سمجھنے کے لیے باقاعدہ تحقیق کی اور روحانی اطمینان پانے کے بعد اسلام قبول کیا۔

پاکستان کی سپر اسٹار جوڑی ماہرہ اور فواد خان کی نئی فلم کا ٹریلر جاری

دایکار اور مصنف عمار رسول کی یہ فلم 28 نومبر 2025 کو ملک بھر کے سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جائے گی

لاہور (شوبز رپورٹر) پاکستان فلم اور ڈرامہ انڈسٹری کی مقبول ترین جوڑی ماہرہ خان اور فواد خان ایک بار پھر بڑی اسکرین پر جلوہ گر ہونے جا رہے ہیں۔ ان کی نئی رومانوی فلم 'نیلوفر' کا ٹریلر ریلیز کر دیا گیا ہے۔ ہدایتکار اور مصنف عمار رسول کی یہ فلم 28 نومبر 2025 کو ملک بھر کے سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جائے گی جس کا مداحوں کو بے صبری سے انتظار تھا۔ یوٹیوب پر ریلیز کیے جانے والے اس 1 منٹ 38 سیکنڈ کے ٹریلر میں محبت، قربت، اور جذبات کی گہرائی کو خوبصورت انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ فلم کی کہانی دو کرداروں کے درمیان محبت کے تعلق اور زندگی کے بدلتے رنگوں کے گرد گھومتی ہے۔

والد شراب پی کر گھر آئے تو والدہ نے کیا سلوک کیا؟ پوجا بھٹ کا انکشاف

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کی مشہور اداکارہ اور فلم ساز پوجا بھٹ نے اپنے والد، ہدایتکار مہیش بھٹ کے بارے میں ایک دلچسپ واقعہ شیئر کرتے ہوئے ان کے ماضی سے متعلق انکشاف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق حال ہی میں پوجا بھٹ نے اپنے پوڈکاسٹ میں والد مہیش بھٹ کو مدعو کیا، جہاں باپ بیٹی نے انڈسٹری میں اپنے کیریئر، گھریلو رشتوں اور زندگی کے ذاتی تجربات پر گفتگو کی۔ گفتگو کے دوران پوجا بھٹ نے اپنے بچپن کا ایک واقعہ شیئر کیا جب ان کے والد شراب کے نشے میں گھر لوٹے تھے۔ پوجا کے مطابق اُس وقت ان کی والدہ کرن بھٹ نے مہیش بھٹ کو بالکونی میں بند کر دیا تھا تاکہ وہ نشے کی حالت میں گھر میں داخل نہ ہو سکیں۔ پوجا نے بتایا کہ اُن کی والدہ نے انہیں دروازہ کھولنے سے روکا اور کہا کہ یہ رویہ درست نہیں کیونکہ وہ اکثر نشے کی حالت میں گھر آتے ہیں۔

میرا آخری میوزک البم میری موت کے بعد ریلیز ہوگا، ایڈ شیرن

لاہور (شوبز رپورٹر) عالمی شہرت یافتہ برطانوی گلوکار ایڈ شیرن نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی زندگی کا آخری میوزک البم ان کے انتقال کے بعد ریلیز کیا جائے گا۔ 34 سالہ گلوکار نے ایک حالیہ انٹرویو میں بتایا کہ وہ اپنی موت کے بعد بھی موسیقی سے جڑے رہنے کی خواہش رکھتے ہیں۔ ان کے مطابق اپنی آخری البم کی تیاری اور ریلیز کا مکمل بندوبست انہوں نے اپنی وصیت میں شامل کر رکھا ہے، جس کی نگرانی ان کی اہلیہ چیری سیبورن کریں گی۔ ایڈ شیرن نے کہا کہ اگر میں دنیا میں نہ رہا تو چیری میری جگہ اس البم کے گانے منتخب کرے گی۔ یہ منصوبہ مکمل طور پر طے کیا جا چکا ہے اور میری وصیت کا حصہ ہے۔

لازوال عشق جیسے شو ہماری معاشرتی اقدار کو نقصان پہنچا رہے ہیں، فضا علی

لاہور (شوبز رپورٹر) اداکارہ اور میزبان فضا علی نے پاکستان کے پہلے ریئلٹی ڈیٹنگ شو 'لازوال عشق' کے بولڈ فارمیٹ پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس طرح کے پروگرام ہماری معاشرتی اقدار کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔ 'لازوال عشق' یوٹیوب پر نشر کیا جا رہا ہے اور اپنے غیر روایتی انداز کی وجہ سے سوشل میڈیا پر شدید عوامی ردعمل کا باعث بنا ہوا ہے۔ یہ شو ترکیہ کے ایک ولا میں ریکارڈ کیا گیا ہے، جس میں چار لڑکے اور چار لڑکیاں ایک ہی چھت کے نیچے 'اپنا ہمیشہ کا پیار' تلاش کرنے کے مشن میں شریک ہیں۔ پروگرام کی میزبانی معروف اداکارہ عائشہ عمر کر رہی فضا علی نے ایک گفتگو کے دوران کہا کہ اب ڈیٹنگ اور فحاشی کو ایک مہذب انداز میں پیش کیا جا رہا ہے جیسے یہ کوئی عام بات ہو۔ ان کے مطابق، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر ایسے شوز کے ذریعے نوجوان نسل کو غلط سمت میں متاثر کیا جا رہا ہے۔

اے آر رحمان کا 'مشہور گانا' خواجہ میرے خواجہ' کے بارے میں بڑا انکشاف

اے آر رحمان نے بتایا کہ مشہور گانے کی تخلیق کیسے ہوئی اور فلم میں کیسے شامل کیا گیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) مشہور موسیقار اے آر رحمان نے بالی ووڈ کی 2008 کی مشہور فلم جودھا اکبر کے دل کو چھو لینے والے گانے خواجہ میرے خواجہ کے بارے میں انکشاف کرتے ہوئے اس کی تیاری اور پس منظر سمیت تفصیلات سے پہلی بار مداحوں کو آگاہ کر دیا۔ بھارتی ویب سائٹ کی رپورٹ کے مطابق اے آر رحمان نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں اپنے مشہور گانے خواجہ میرے خواجہ اور فلم سلم ڈاگ ملینیئر کے لیے ملنے والے آسکر ایوارڈ پر بات کی۔ اے آر رحمان نے خواجہ میرے خواجہ کے حوالے سے پوچھے گئے سوال پر انکشاف کیا کہ یہ گانا دراصل فلم جودھا اکبر کے لیے نہیں لکھا گیا تھا جیسا اکثر لوگ سمجھتے ہیں بلکہ اس گانے کو مختلف منصوبے کے لیے ترتیب دیا تھا انہوں نے بتایا کہ میں ایک دفعہ اجمیر گیا تھا تو وہاں ایک خادم نے کہا کہ آپ خواجہ پر کوئی نعت کیوں نہیں بناتے اور آپ نے ابھی تک نہیں بنائی، آپ نے تو پیا حاجی علی بنایا تھا، جس پر میں نے جواب دیا کہ پتا نہیں، اس پر خیال نہیں آیا آپ دعا کریں کہ کوئی خیال آ جائے۔

ہانیہ عامر ایک بار پھر اسپتال میں داخل؛ مداح تشویش میں مبتلا

ہانیہ عامر کی مبہم پوسٹ پر مداحوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی

لاہور (شوبز رپورٹر) بشوخ و چنچل اداکارہ ہانیہ عامر، جن کی ایک پوسٹ پر ہزاروں مداح دیوانہ وار دوڑے چلے آتے ہیں ایک پریشان کن پوسٹ سے تشویش میں مبتلا ہو گئے۔ اداکارہ ہانیہ عامر نے اپنی انسٹاگرام پوسٹ میں کچھ تصاویر پیش کی جس میں نے اکثر تصاویر میں اپنے روایتی انداز میں زندگی کا مزہ لیتی نظر آئیں۔ تاہم دو تصاویر نے مداحوں کے دلوں میں سوالوں کا طوفان برپا کر دیا۔ کیپشن میں بھی صرف ایک مبہم جملہ لکھا کہ ''کس نے نظر لگائی پریتی کو؟'' کیا براہ مہربانی اس قانون کو توڑ سکتے ہیں۔ ان دو تصاویر سے افواہیں گردش کرنے لگیں کسی نے کہا کہ شاید یہ کسی ڈرامے کا سین ہے اور کسی نے کہا کہ شاید وہ واقعی بیمار ہوگئی ہیں۔ تاحال یہ بھی واضح نہیں کہ کیپشن میں پریتی کس کو کہا گیا ہے تاہم ہانیہ نے حال ہی میں ایک ریئل میں دیپکا پڈوکون کے کردار 'پریتی' (فلم Kabir Singh سے) کو نبھاتے ہوئے سب کو چونکا دیا تھا۔ مداحوں اور سوشل میڈیا صارفین کے اضطراب اور تشویش کے باوجود تاحال ہانیہ عامر نے اپنی اس تصویر کی وضاحت نہیں کی کہ وہ بیمار ہیں یا یہ کسی پروجیکٹ کا حصہ ہے۔ جس کے باعث سوشل میڈیا پر چہ مگوئیاں جاری ہیں اور مداح ان کی اصل حالت جاننے کے منتظر ہیں۔

ابھیشیک بچن نے 25 سال بعد پہلا فلم فیئر ایوارڈ کس کردار پر حاصل کیا؟

بھارتی میڈیا کے مطابق ابھیشک بچن نے پہلا فلم فیئر ایوارڈ برائے بہترین اداکار حاصل کر لیا۔

لاہور (شوبز رپورٹر) بالی ووڈ کے جونیئر بچن کہلائے جانے والے ابھیشک بچن نے بالآخر 25 سالہ فلمی سفر کے بعد وہ کارنامہ سرانجام دے دیا جس کا انتظار نہ صرف انہیں بلکہ ان کے مداحوں کو بھی برسوں سے تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ابھیشک بچن نے پہلا فلم فیئر ایوارڈ برائے بہترین اداکار حاصل کر لیا۔ یہ ایوارڈ انھیں 2024 کی فلم میں بھرپور کردار ادا کرنے پر دیا گیا۔ یہ ایک سچی کہانی پر مبنی فلم ہے۔ جس میں ابھیشک بچن نے کینسر سے جنگ جیتنے والے شخص کردار ادا کیا ہے جس کی اپنی بیوی علیحدگی ہے اور بیٹی بھی اسے اچھا نہیں سمجھتی۔ فلم "I Want To Talk" ایک ایسے شخص کی اپنے آپ سے جنگ کی کہانی ہے جس میں وہ شخص بولنا چاہتا ہے..... مگر لفظوں کا ساتھ نہیں ملتا۔ ابھیشک نے ایسے شخص کا کردار نبھایا ہے جو اپنی زندگی، جذبات اور تعلقات کے درمیان کہیں کھو گیا ہے۔ وہ بولنا چاہتا ہے، سب کچھ کہنا چاہتا ہے، مگر زبان نہیں..... صرف آنکھیں بولتی ہیں لہذا فلم میں ڈائیلاگز کم ہیں لیکن اظہار زیادہ ہے۔

ابھیشیک بچن نے اپنے پہلے فلم ف

بقیہ 1

سندھ کا مقابلہ تو کسی اور شہر اور صوبے سے ہے ہی نہیں بلکہ سندھ کا مقابلہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک سے ہے اور یہ پاکستان کی کامیابی ہے۔ تقریب سے خطاب کے دوران بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ کتاب لکھنے والے تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہتے ہیں، بینظیر بھٹو نے بھی دو تین کتابیں لکھی تھیں، پارٹی کے سینئر رہنماؤں سے کہتا ہوں کہ کتاب ضرور لکھیں، پیپلز پارٹی نے پاکستان کے آئین کی کتاب میں بھی کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ قائم علی شاہ کو دیکھ کر خوشی محسوس کر رہا ہوں، قائم علی شاہ پیپلز پارٹی کے سینئر ترین رہنما ہیں، خیر پور میں اسپیشل اکانومک زون موجود ہے، قائم علی شاہ کے دور میں خیر پور میں اکانومک زون بنایا گیا، فنانشل ٹائم نے خیر پور اکانومک زون کو بہترین قرار دیا ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے سب سے پہلے پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کا تصور پیش کیا، جو شہید بینظیر بھٹو نے 1993 میں پارٹی کے منشور میں متعارف کروایا تھا، چند سال پہلے دنیا کے معروف میگزین نے دنیا کے بہترین پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ کی رینکنگ جاری کی اور وہاں بھی آپ کا مقابلہ دنیا کے مختلف ممالک سے تھا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کا مقابلہ تو کسی اور شہر اور صوبے سے ہے ہی نہیں بلکہ سندھ کا مقابلہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک سے ہے اور یہ پاکستان کی کامیابی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ پورے ملک کو ایک ہو کر دنیا سے مقابلہ کرنا چاہیے اور آپس میں تقسیم نہیں ہونی چاہیے بلکہ کہیں بھی کام ہو رہا ہے اور پاکستان کا نام روشن ہو رہا ہے تو ہمیں فخر کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو عالمی سطح پر مانا جاتا ہے، میں بطور وزیر خارجہ جب مختلف ممالک کے دورے کر رہا تھا کہ تو وہ مجھے بتاتے تھے کہ ہم آپ کا یہ پروگرام کاپی کر رہے ہیں، دراصل یہ اپنے غریب ترین طبقے کا خیال رکھنے کا بہترین طریقہ ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ یہ سہولت کسی اور ملک کے پاس نہیں مگر آپ کے پاس ہے کہ کسی بھی بحران میں آسانی سے متاثرین کی مدد کر سکیں، کورونا کے دوران پوری دنیا حیران تھی، حالانکہ اس دوران عمران خان وزیر اعظم تھے اور ان کی سوچ کچھ ایسے تھی کہ انہوں نے اس پروگرام کا نام تبدیل کر کے احساس پروگرام رکھ دیا، مگر نام جو بھی رکھ دیا جائے اور تصویر کچھ بھی ہو، لیکن انہوں نے بھی کورونا کے دوران امداد پہنچانے کے لیے اس پروگرام کو استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ 2022 میں جب میں وزیر خارجہ تھا تو پاکستان کی تاریخ میں بدترین سیلاب آیا، سندھ، بلوچستان ڈوبا ہوا تھا اور جنوبی پنجاب کے کچھ علاقے بھی متاثر ہوئے لیکن وزیر اعظم شہباز شریف نے فوری طور پر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو مالی مدد پہنچانے کے لیے استعمال کیا۔

بقیہ 2

پلان پڑھے بغیر کنفیوژن پیدا کر رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اڈیالہ جیل میں توشہ خانہ 2 کیس میں سماعت کے دوران بانی چیئرمین سے ملاقات ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں وزیر اعلیٰ کی تبدیلی کے بعد یہ پہلی ملاقات تھی، بانی نے تمام ایم پی ایز کا شکریہ ادا کیا اور خوشی کا اظہار کیا، ساتھ ہی تمام عہدیداروں کو مبارکباد بھی دی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ جنوری میں آل پارٹیز کانفرنس کی، اس کی پریس ریلیز میں نیشنل ایکشن پلان اور ٹارگٹڈ آپریشنز کا ذکر ہے، لوگ نیشنل ایکشن پلان کو پڑھے بغیر کنفیوژن پیدا کر رہے ہیں، ایسا نہیں کرنا چاہیے، بس حکمت عملی میں فرق ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ پی ٹی آئی دہشتگردی کے خاتمے کا حل سیاسی طور پر نکالنا چاہیے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے بتایا کہ بانی نے کہا

وہ دہشت گردی کے خلاف پالیسیز پر تنقید کرتے ہیں، مریدکے واقعے کی بھی مذمت کی اور کہا کے پی میں مثالی حکومت قائم کرنی ہے۔ بیرسٹر سیف نے بتایا کہ بانی نے ٹی ایل پی کے خلاف تشدد کی مذمت کی، اور کہا ٹی ایل پی کے خلاف تشدد پر احتجاج کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بانی نے کہا ہے ان کی فیملی فوج میں ہے، فوج سے ان کی کوئی دشمنی نہیں، غداری کے سرٹیفکیٹ بانٹنا بند ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی نے کہا دہشت گردی کے خلاف پہلے بھی آپریشنز ہوئے ہیں، بانی نے کہا ہے افغانستان پر حملوں کے نتیجے میں دہشت گردی بڑھنے کا خطرہ ہے۔ اس دوران بیرسٹر گوہر علی خان سے سوال کیا گیا کہ آپ کہہ رہے ہیں نیشنل ایکشن پلان کے تحت دہشتگردی سے نمٹنا، ڈی جی آئی ایس پی آر بھی یہی کہہ رہے ہیں تو مسئلہ کہاں ہے؟۔ بیرسٹر گوہر خان نے جواب دیا کہ لوگ نیشنل ایکشن پلان کو پڑھے بغیر کنفیوژن پیدا کر رہے ہیں، ہم نے جنوری میں آل پارٹیز کانفرنس کی اسکی پریز ریلیز میں نیشنل ایکشن پلان اور ٹارگیٹڈ آپریشنز کا ذکر ہے۔ صحافی نے سوال کیا کہ ڈی جی آئی ایس پی آر نے ریوائزڈ نیشنل ایکشن پلان سامنے رکھا آپ اسے اتفاق کرتے ہیں؟، بیرسٹر گوہر خان نے جواب دیا کہ میں نے وہ نکات دیکھے نہیں نہ پڑھے ہیں لیکن ہماری پریس ریلیز میں نیشنل ایکشن پلان کا ذکر ضرور ہے، کنفیوژن پیدا نہیں کرنا چاہیے، حکمت عملی میں فرق ہے، بانی صرف یہ کہہ رہے ہیں صرف ملٹری آپریشن مسائل کا حل نہیں۔ صحافی نے سوال کیا کہ نیشنل ایکشن پلان پر تو بانی پی ٹی آئی نے بھی دستخط کئے ہیں، انہوں نے جواب دیا کہ ہم انتشار نہیں چاہتے، بانی نے کہا جنرل بوجوہ سے بھی ملک کی خاطر بات چیت کی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کو افغان وزیر خارجہ کے دورہ بھارت کے بارے میں بتایا گیا ہے۔

بقیہ 7

کی ترک وزیر خارجہ حکان فیدان سے بھی ملاقات ہوئی۔ اسحاق ڈار نے جنگ بندی کیلئے امریکا اور ترکیے کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان نے خطے میں دیرپا امن واستحکام کے لیے کوششوں کی حمایت کی۔ اسحاق ڈار کا مزید کہنا تھا کہ عالمی برادری کو غزہ اور فلسطین کے عوام کی انسانی امداد جاری رکھنی چاہیے۔

بقیہ 8

انہوں نے تاریخی مسجد کی اصل حالت میں بحالی ترقیاتی سکیم کے سکوپ آف ورک، فنڈز یوٹیلائزیشن اور تعمیراتی و ترقیاتی امور کا جائزہ لیتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے ویژن کی روشنی میں ''شرائنز ڈویلپمنٹ پروگرام'' کامیابی سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی تعمیراتی ورثے کی حفاظت اوّلین ترجیح ہے۔ تاریخی مساجد و مقابر کی حفاظت کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ مسجد میں نمازیوں کی آمد و رفت میں کوئی رکاوٹ نہیں ہونے دیں گے۔ والڈسٹی اتھارٹی کی نگرانی میں جاری ڈویلپمنٹ سکیم کو مقررہ ٹائم لائن میں مکمل کیا جائیگا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹر والڈسٹی لاہور اتھارٹی محمد مبشر، زونل ایڈمنسٹریٹر اوقاف بادشاہی مسجد بابر سلطان گوندل، ایس ڈی او اوقاف (کنزرویشن) راؤ عمران اور سب انجینئر اوقاف محمد عمران سمیت دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ تاریخی بادشاہی مسجد لاہور کی اصل حالت میں بحالی کے جاری منصوبہ مالیتی 57.350 ملین کی ایگزیکیوٹنگ ایجنسی والڈسٹی آف لاہور اتھارٹی ہے۔ منصوبہ ہذا میں مسجد کی کنزرویشن، اَپ گریڈیشن، ریسٹوریشن، مسجد کے صحن میں شمالی و جنوبی برآمدہ جات کی ریزنویشن، داخلی ڈیوڑھی کی اصل حالت میں بحالی، کیٹین کی تعمیر نو، سکیورٹی کیمرہ جات کی فراہمی، نئے ساؤنڈ سسٹم کی تنصیب، موجودہ لیڈیز و جینٹس واش رومز کی تزئین آرائش و نئے بیت الخلاء کی تعمیر سمیت دیگر ترقیاتی امور بھی شامل ہیں۔ نیز سیکرٹری اوقاف نے اس موقع پر مزارِ اقبال، علماء اکیڈیمی اور حجرہ جات کی کنزرویشن اور ریسٹوریشن کے جاری کاموں کے مقررہ معیار کو یقینی بناتے ہوئے منصوبہ جات کی بروقت تکمیل کی بابت متعلقین کو ہدایات بھی دیں۔

بقیہ 9

میں پیشنل سیکرٹری محکمہ ہاسنگ پنجاب وقار عظیم کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے کے 19 اضلاع کے ایم ڈی واسا زنے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کی فیزیبلٹی رپورٹس پیش کیں۔ ترجمان محکمہ ہاؤسنگ کے مطابق منصوبے کا مقصد ویسٹ واٹر کو ٹریٹ کر کے قابل استعمال بنانا ہے تاکہ دریاں کے پانی کو ڈسپوزل سے پہلے صاف اور محفوظ بنایا جا سکے۔ منصوبے کے تحت زرعی استعمال کے لیے بھی ٹریٹ شدہ پانی قابل استعمال بنایا جائے گا جس سے دریاں کی ایکالوجی اور آبی وسائل میں بہتری آئے گی۔ ترجمان کے مطابق لاہور میں پاکستان کی تاریخ کے سب سے بڑے ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ کی منظوری پہلے ہی لی جا چکی ہے جبکہ فیصل آباد میں بھی بڑے پیمانے پر ویسٹ واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹس کے منصوبے منظور کیے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے مطابق ماحولیاتی آلودگی کے تدارک اور شہریوں کی صحت سے متعلق منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے تاکہ صاف ماحول اور پائیدار ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 10

ہو رہے ہیں اور ممکنہ طور پر اس بڑی پیش رفت کی نوعیت کے بارے میں اپنے کچھ تاثرات بتانا چاہتے ہیں کہ یہ کیسے ممکن ہوا اور پاکستان کا کیوں اس سے بہت گہرا تعلق رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان کی سب سے اہم ترجیح غزہ میں نسل کشی کی مہم کو فوری طور پر روکنا تھا، دیگر برادر ممالک کے ساتھ مل کر اس ترجیح کو تسلسل کے ساتھ بیان کیا گیا اور تقویت دی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ صدر ٹرمپ کے لیے ہمارا شکریہ اس بات کی بنا پر ہے کہ وہ اسے روکیں گے اور اس وعدے کو پورا کریں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ہم امن کے لیے صدر ٹرمپ کے منفرد کردار کی تعریف کرتے رہیں گے، فلسطینی عوام کی آزادی، وقار اور خوشحالی پاکستان کے لیے بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ انشاء اللہ 1967ء سے پہلے کی سرحدوں کی بنیاد پر جس کا دارالحکومت القدس الشریف ہو، ایک مضبوط اور قابل عمل فلسطینی ریاست کا قیام پاکستان کی مشرق وسطیٰ کی پالیسی کی بنیاد ہے اور رہے گی۔

بقیہ 11

فائرنگ کے افسوسناک واقعہ کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے والی پولیو ٹیم پر حملہ کرنے والے درندہ صفت عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہونے والے لیویز اہلکار عبدالکبیر کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے فرض کی ادائیگی کے دوران جامِ شہادت نوش کیا، قوم ان کی قربانی کو سلام پیش کرتی ہے۔ محسن نقوی نے شہید لیویز اہلکار کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا اور کہا کہ بچوں کا مستقبل محفوظ بنانے والی پولیو ٹیم پر حملہ کرنے والے درندہ صفت عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ملزمان کو فوری گرفتار کر کے کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے۔

بقیہ 12

کمپیوٹر لیبز کا افتتاح کر دیا۔ گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری سکول کچا کھوہ اور گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائر سیکنڈری سکول خانیوال میں ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کی جانب سے قائم کی گئی سائنس و کمپیوٹر لیبز کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران جہانگیر خان ترین نے کہا کہ دنیا بہت تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے اور ترقی کر رہی ہے۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی کا زمانہ ہے اگر ہم نے بھی اپنے تعلیمی ماڈل کو تبدیل نہ کیا تو ہم بہت پیچھے رہ جائیں گے۔ ہمارا مقصد ہے کہ ہم بچوں کو جدید تعلیم سے آراستہ کریں تاکہ وہ دنیا کا مقابلہ کر سکیں۔ اس سلسلے میں ہم نے لودھراں میں ٹائسکر کا ادارہ بنایا ہے جہاں طلبا و طالبات انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جدید تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ جہانگیر ترین نے کہا کہ اس ملک کا بڑا مسئلہ لیڈرشپ کا فقدان ہے، پاکستان ایسا ملک ہے جہاں پر صحیح کام کیا جائے تو ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکتا ہے۔ لودھراں میں ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تعلیمی منصوبے شروع کیے تو لودھراں کی تعلیمی رینکنگ پنجاب بھر میں نمبر 2 اور 3 پر آ گئی جس پر بہت فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بہت زیادہ پوٹینشل ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ پسماندہ اضلاع کے بچوں بچیوں کو زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جائیں۔ انشا اللہ ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے منصوبوں سے یہاں کے بچوں کو بھی اعلیٰ پرائیویٹ تعلیمی اداروں جیسی تعلیمی سہولیات میسر ہوں گی اور یہ بچے بھی اپنے علاقے کا نام روشن کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر خانیوال ڈاکٹر سلمی سلیمان نے کہا کہ جہانگیر خان ترین کی جانب سے ضلع خانیوال کے 6 سکولوں میں سائنس و کمپیوٹر لیبز بنائی گئی ہیں جس پر ان کے بے حد مشکور ہیں۔ ہم جہانگیر ترین سے درخواست کرتے ہیں کہ ضلع خانیوال کے تمام سکولوں میں سائنس و کمپیوٹر لیبز کی فراہمی کے منصوبے کا اعلان کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ٹائسکر کے ساتھ مل کر خانیوال کے سکولوں میں ای کامرس و دیگر کلاسز کا اجراء کریں گے اور طلبا و طالبات کے ساتھ اساتذہ کی ٹریننگ کے پروگرام بھی شروع کریں گے۔ اہلیان خانیوال جہانگیر ترین کے شکر گزار ہیں۔ چیف ایگزیکٹیو آفیسر ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن اکبر خان نے کہا کہ جہانگیر خان ترین نے پچھلے 15 سالوں کے دوران اربوں روپے کی خطیر رقم تعلیمی منصوبوں پر خرچ کی ہے۔ ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن نے خانیوال میں اب تک 6 سرکاری سکولوں میں سائنس و کمپیوٹر لیبز قائم کر دی ہیں۔ جہانگیر خان ترین نے ضلع خانیوال کے لئے 10 سے 11 کروڑ روپے مختص کیے ہیں جن سے یہاں بچوں کو جدید تعلیمی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ تقریب سے چیف ایگزیکٹیو آفیسر ایجوکیشن خانیوال فیاض احمد سندھو نے بھی خطاب کیا۔ جہانگیر خان ترین اور ڈپٹی کمشنر خانیوال ڈاکٹر سلمی سلیمان نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائ سکول خانیوال میں میں پودے بھی لگائے۔

بقیہ 13

پولیو ٹیم پر فائرنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسدادِ پولیو مہم میں فرائض انجام دینے والے اہلکار قوم کے محافظ ہیں۔ اپنے بیان میں خاتونِ اوّل نے کہا کہ انسدادِ پولیو مہم میں فرائض انجام دینے والے اہلکار قوم کے محافظ ہیں۔ بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے شہید لیویز اہلکار یاسین کی خدمات اور قربانی کو سراہا۔ خاتون اول نے کہا کہ بچوں کو بیماری سے بچانے والے کارکن ہمارے ہیرو ہیں، ان پر حملہ انسانیت پر حملہ ہے، ایسے بزدلانہ واقعات قوم کے پولیو فری پاکستان کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتے۔ بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے شہید اہلکار کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔

بقیہ 14

جہاں اُن کی امریکی محکمہ خزانہ کے اعلیٰ حکام سے ملاقات ہوئی ہے۔ اس حوالے سے جاری ہونے والے اعلامیے کے مطابق پاکستان کے مضبوط معاشی اشاریوں پر وزیر خزانہ نے بریفنگ دی اور امریکی کمپنیوں کو تیل و گیس، معدنیات، زراعت اور آئی ٹی میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ یو ایس پاکستان بزنس کونسل کے رہنماؤں اور ارکان سے وزیر خزانہ کی ملاقات ہوئی جس میں معیشت کے استحکام اور نجی شعبے کے قائدانہ کردار پر زور دیا گیا۔ اعلامیے میں امریکی حکام سے تجارتی معاہدے کو پاکستان کے لیے اہم سنگِ میل قرار دیا گیا ہے جبکہ ریکوڈک منصوبے کے مالیاتی معاملات جلد طے کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں آئی ایف سی کے ریجنل نائب صدر ریکارڈو پولیتی سے بھی وزیر خزانہ کی ملاقات ہوئی ہے جس میں اسلام آباد میں آئی ایف سی کے علاقائی دفتر کے قیام کا خیر مقدم کیا گیا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے واشنگٹن میں امریکی معاون وزیر خزانہ رابرٹ کیپ روتھ سے ملاقات کی۔ محمد اورنگزیب نے امریکی کمپنیوں کو تیل، معدنیات، زراعت اور آئی ٹی سیکٹر میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ دولت مشترکہ وزرائے خزانہ اجلاس سے خطاب میں محمد اورنگزیب نے موسمیاتی فنانسنگ کی اہمیت اور لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ فعال کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ علاوہ ازیں وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اسلامی ترقیاتی بینک کے صدر سلیمان الجاسر سے بھی ملاقات کی۔ انہوں نے موٹر وے کے دو حصوں کی فنانسنگ کی منظوری پر اظہار تشکر کیا، پولیو کے خاتمے اور تیل فراہمی کے منصوبوں میں مزید تعاون پر بھی اتفاق کیا۔ وفاقی وزیر خزانہ نے آئی ایف سی کے ریجنل نائب صدر اور سٹی بنک کے نمائندوں سے بھی ملاقاتیں کیں۔

بقیہ 15

کھول دیئے گئے ہیں، سکیورٹی اور ٹریفک حالات بہتر ہونے پر آپریشن دوبارہ شروع کیا گیا ہے جس کے بعد لاہور کا پبلک ٹرانسپورٹ نظام مکمل طور پر فعال ہو گیا۔

بقیہ 16

پر جبوری تحریری حکم جاری کرتے ہوئے ساعت تین نومبر تک ملتوی کر دی۔ درخواست گزار کے مطابق پنجاب بھر میں آوارہ کتوں کے حملوں میں اضافہ ہو گیا ہے جبکہ سرکاری ہسپتالوں میں ریبیز ویکسین کی قلت شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت تمام سرکاری ہسپتالوں میں ریبیز ویکسین کی فوری فراہمی کا حکم دے تاکہ شہریوں کی زندگیوں کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ 17

متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران پاکستان پوسٹ حکام نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سرکاری عمارتوں میں قائم ڈاک خانے بند نہیں کیے جاتے، کیونکہ ان کی بندش کی صورت میں عمارتوں پر قبضے کا خدشہ رہتا ہے۔ کمیٹی چیئرمین نے پاسپورٹس کی تاخیر سے ترسیل پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو نظام میں موجود خامیاں دور کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں کراچی تا حیدرآباد موٹر وے ایم-9 پر ٹول پلازوں کی غیر معمولی تعداد پر ارکانِ کمیٹی نے شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ رکن کمیٹی وسیم حسین نے این ایچ اے حکام پر بیوروکریسی کے انداز میں کام کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ عوامی نمائندوں کی بات کو سنجیدگی سے نہیں لیا جا رہا، انہوں نے معاملے کو استحقاق کمیٹی میں اٹھانے کا اعلان کیا۔ رکن کمیٹی ابرار علی شاہ نے کہا کہ وہ ٹول ٹیکس کے نظام کے حق میں نہیں کیونکہ ان کے مطابق ٹول پلازوں سے حاصل ہونے والی آمدنی سڑکوں کی مرمت پر خرچ نہیں کی جاتی، اس پر سیکرٹری مواصلات نے وضاحت دیتے ہوئے کہا کہ این ایچ اے کو ریونیو صرف ٹول ٹیکس سے حاصل ہوتا ہے اور یہی رقم شاہراہوں کی بحالی پر خرچ کی جاتی ہے۔ کمیٹی نے تجویز دی کہ مقامی افراد کو ٹول ٹیکس سے استثنیٰ دیا جائے، جب کہ اس حوالے سے بل کو وزارتِ قانون وانصاف کو بھجوا دیا گیا ہے جو 15 روز میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ اجلاس میں بلوچستان کی شاہراہوں کی ناقص مرمت اور منصوبوں میں تاخیر کا معاملہ بھی زیرِ غور آیا، چیئرمین این ایچ اے نے اعتراف کیا کہ ملک بھر میں قومی شاہراہوں کی معمول کی مرمت معیار کے مطابق نہیں ہو رہی۔ مزید برآں کیرج تھری منصوبے میں بلیک لسٹ چینی کمپنی کو ٹھیکہ دینے کا معاملہ بھی اجلاس میں اٹھایا گیا، جس پر چیئرمین این ایچ اے نے بتایا کہ وزیر اعظم کی قائم کردہ تحقیقاتی کمیٹی اپنی رپورٹ وزیر اعظم آفس کو بھجوا چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تودیرو تا کشمور سیکشن سمیت کئی منصوبے ایشیائی ترقیاتی بینک کے اشتراک سے جاری ہیں، تاہم زمین کی فراہمی میں تاخیر کے باعث بعض منصوبے سست روی کا شکار ہیں۔

بقیہ 18

سے زیادہ مضبوط ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید لیویز اہلکار عبدالکبیر کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی، ان جیسے سپوت قوم کا فخر ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک دشمن قوتیں بچوں کے مستقبل کی راہ میں جتنے بھی کانٹے بچھائیں، پاکستان پولیو فری بن کر رہے گا۔

بقیہ 19

پنجاب اسمبلی آمد پر الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ مریم نواز شریف نے ترکیہ اور آذربائیجان کے پارلیمانی وفد کا خیر مقدم کیا، مریم نواز شریف نے پنجاب کے عوام کی جانب سے ترکیہ اور آذربائیجان کی قیادت کے لئے خیر سگالی کا پیغام دیا۔ اُنہوں نے مسئلہ کشمیر پر پاکستانی موقف کی حمایت پر دونوں ممالک کی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ بھارتی جارحیت کے دوران پاکستان کی غیر مشروط حمایت کرنے پر ترکیہ اور آذربائیجان کی قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ آذربائیجان اور ترکیہ وفد کے شرکاء نے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی جانب سے شاندار میزبانی اور پرتپاک خیر مقدم پر شکریہ ادا کیا، ملاقات میں تعلیم، صحت، آئی ٹی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون سے متعلق امور پر تبادلہ خیال ہوا۔ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ ترکیہ اور آذربائیجان بردار ملک سے بڑھ کر ہیں، سہ ملکی اشتراک کا رخوش آئند ہے، ترکیہ اور آذربائیجان ہر موقع پر پاکستان کے ساتھ کھڑے رہے، لاہور پنجاب کی روح ہے، یہاں کے لوگ محبت کرنے والے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ آپریشن "بنیان مرصوص" میں پاکستان کی فتح دراصل دوست ممالک اور امت مسلمہ کی فتح ہے، ترکیہ اور آذربائیجان کے پارلیمانی وفود کا دورہ باہمی روابط مزید مستحکم بنائے گا، پاکستان، ترکیہ اور آذربائیجان کا پارلیمانی مکالمہ خوش آئند امر ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ پنجاب نے بدترین سیلاب میں تاریخ کا سب سے بڑا ریسکیو ریلیف اور انخلا آپریشن کیا، ترکیہ اور آذربائیجان سے محبت مجھے والد محمد نواز شریف سے ورثے میں ملی، عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کے لئے ہر پراجیکٹ میری ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ چند ماہ میں 90 ہزار گھر بنا کر ریکارڈ قائم کیا، ایگریکلچر میکانائزیشن کے ذریعے پنجاب کی زراعت کو نئے خطوط پر استوار کر رہے ہیں، لاہور میں دنیا کا سب سے بڑا پبلک سیکٹر ہسپتال بنانے جا رہے ہیں۔ مریم نواز کا کہنا تھا کہ گڈ گورننس کے لئے طیب اردوان کا کے پی آئی ماڈل پنجاب میں متعارف کرایا، ستھرا پنجاب دنیا کا سب سے بڑا اور مربوط سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروگرام ہے، ترکیہ کا ادارہ معارف پاکستان میں قابل قدر خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ پنجاب میں ایک ہزار سے زائد ٹورسٹ سائٹ اور کوریڈور متعارف کرائے جا رہے ہیں، پنجاب میں پہلی مرتبہ مذہبی، ماحولیاتی اور وائلڈ لائف ٹورازم کو متعارف کرا رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے آذربائیجان کی ملی مجلس کی سپیکر غفارووا سے ملاقات پر اظہار مسرت کیا، ترکیہ اور آذربائیجان کے وفود کے شرکاء نے پنجاب میں ڈویلپمنٹ، بالخصوص تعلیم، صحت کے شعبوں میں اختراعی تبدیلیوں کو سراہا۔ ترکیہ کے سپیکر پروفیسر ڈاکٹر نعمان کرتلمش نے اپنی گفتگو میں کہا کہ پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، تعلیم سمیت ہر شعبے میں اشتراک کار کے لئے تیار ہیں، پرتپاک خیر مقدم اور شاندار میزبانی پر دل کی گہرائی سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ سپیکر غفارووا کا کہنا تھا کہ پنجاب بالخصوص لاہور خوبصورت شہر ہے، دورہ کرنا اچھا لگا، دوسری جانب سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق اور سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد کان نے بھی ترکیہ اور آذربائیجان وفود کا خیر مقدم کیا۔

بقیہ 20

دہائی کرائی ہے کہ امریکا کے ساتھ تعلقات یا ممکنہ معدنیاتی تعاون سے چین کے مفادات، اسٹریٹیجک اعتماد اور دوطرفہ شراکت داری کو کسی صورت متاثر نہیں ہوگی۔ انہوں نے حال ہی میں گردش کرنے والی اُن میڈیا رپورٹس کی سختی سے تردید کی جن میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ پاکستان نے امریکا کو ایسے معدنیاتی یا ریئر ارتھ نمونے دکھائے جو چین کے حساس منصوبوں یا مفادات سے متعلق ہو سکتے ہیں۔ چین کے ترجمان نے مزید کہا کہ یہ رپورٹس پاک چین دوستی کو کمزور کرنے کی ناکام کوشش ہے۔ ایسی خبریں یا تو غلط معلومات پر مبنی ہیں یا جان بوجھ کر پھیلائی گئی ہیں تاکہ پاکستان اور چین کے درمیان بداعتمادی پیدا کی جائے۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ نے ان افواہوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی امریکا کو دکھائے گئے جن معدنیات کا ذکر کیا جا رہا ہے وہ چین کے کسی منصوبے سے منسلک نہیں ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان اور چین ایک دوسرے کے سدا بہار اسٹریٹیجک شراکت دار ہیں۔ ہماری آہنی دوستی ہر آزمائش میں پوری اتری ہے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان نے حکومتی پالیسی بیان کرتے ہوئے واضح کیا کہ چین کے حالیہ ریئر ارتھ ایکسپورٹ کنٹرول اقدامات کا پاکستان سے کوئی تعلق نہیں۔ ترجمان چینی وزارت خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ یہ اقدام دراصل چین کے اپنے برآمدی کنٹرول کے نظام کو قوانین اور ضوابط کے مطابق بہتر کرنے کے لیے اُٹھایا گیا ہے۔

بقیہ 21

نئی حکمتِ عملیاں اپنائی ہیں جن کے ذریعے زیادہ جانی نقصان پہنچانے اور براہِ راست پاکستانی سکیورٹی فورسز کو نشانہ بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ کوئٹہ میں منعقدہ 17 ویں نیشنل ورکشاپ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مؤقف اختیار کیا کہ صوبے میں کوئی بغاوت نہیں بلکہ نام نہاد علیحدگی پسند تحریکیں سرگرم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان ریاست مخالف عناصر کا مقصد پاکستان کو نقصان پہنچانا اور تقسیم کرنا ہے، بھارتی خفیہ ایجنسی را بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال بگڑنے کی اصل ذمہ دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خراب صورتحال کے پیچھے بھارتی ایجنسی را کا واضح کردار ہے، علیحدگی پسند بھارت سے خوش ہیں مگر پاکستان کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ صرف مسلح افواج کی نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ لڑائی ہے، صوبے میں غیر مساوی ترقی کا جھوٹا تاثر جان بوجھ کر پیدا کیا گیا تاکہ تقسیم کی فضا ہموار کی جا سکے، اور ناراض بلوچ جیسے اصطلاحات صرف دہشت گردی کو جواز دینے کے لیے گھڑی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ جو شخص تشدد کا راستہ اختیار کرے اور ہتھیار اٹھائے، وہ ناراض نہیں بلکہ دہشت گرد ہے، نوجوانوں اور ریاست کے درمیان فاصلہ سوشل میڈیا پروپیگنڈا کے ذریعے پیدا کیا گیا جب کہ حکومت یونیورسٹیوں اور ہر فورم پر جا رہی ہے تاکہ نوجوانوں کے مسائل براہِ راست سنے جا سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے میں سکیورٹی کی صورتحال بہتر بنانے اور دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی صلاحیت میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے 10 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں، سکیورٹی فورسز ان علاقوں میں آپریشن کر رہی ہیں جہاں دوست اور دشمن میں فرق کرنا مشکل ہے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز اور سینٹر

مذہبی جماعت کا احتجاج، اسلام آباد ریڈ زون مکمل بند، زیرو پوائنٹ جزوی بحال

شہر کی مختلف داخلی سڑکیں جزوی طور پر کھول دی گئیں، پیر ودھائی، منڈی نور، فیض آباد بس اڈے بھی بند

اسلام آباد (این این آئی) مذہبی جماعت کے احتجاج کے باعث اسلام آباد ریڈ زون مکمل بند رہا، زیرو پوائنٹ جزوی بحال کر دیا گیا۔ شہر کی مختلف داخلی سڑکیں جزوی طور پر کھول دی گئیں، پیر ودھائی، منڈی نور، فیض آباد بس اڈے بند رہے، روات ٹی چوک بھی جزوی طور پر کھول دیا گیا، لاہور سے اسلام آباد، ملتان اور سیالکوٹ موٹر ویز کھول دی گئیں۔ دوسری جانب گجرات میں دریائے چناب کے پل کو دونوں اطراف سے کھول دیا گیا۔

لاہور: بیکرٹری سپورٹس پنجاب مظفر خان سیال، شمالی اور جنوبی پنجاب میں سپورٹس منصوبوں کے حوالے سے پنجاب اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ملک میں امن کا خواب سکیورٹی فورسز اپنے خون سے سینچ رہی ہیں: حمزہ شہباز

کسی مزید شرانگیزی کا بھرپور جواب دیا جائیگا، پاکستانی قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر و سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں امن کا خواب سکیورٹی فورسز اپنے خون سے سینچ رہی ہیں، پاکستانی قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے۔ انہوں نے افغانستان میں کارروائی میں جوانوں کی شہادت پر کہا کہ پاک افغان سرحد پر افغان طالبان اور بھارتی اسپانسرڈ فتنہ الخوارج کی جانب سے بلا اشتعال حملے کا پاک فوج نے بھرپور جواب دیا ہے۔

یہ دودھ نہیں..... سفید زہر ہے!

کمشنر سرگودھا جہانزیب اعوان کی زیرِ صدارت اجلاس میں پنجاب فوڈ اتھارٹی نے بڑی کارکردگی رپورٹ پیش کی

بھیرہ (اشفاق احمد انجم ڈسٹرکٹ رپورٹر) یہ دودھ نہیں..... سفید زہر ہے! □ کمشنر سرگودھا جہانزیب اعوان کی زیرِ صدارت اجلاس میں پنجاب فوڈ اتھارٹی نے بڑی کارکردگی رپورٹ پیش کی ہزاروں انسپیکشنز، سینکڑوں سیمپلز، لاکھوں کے جرمانے۔ لیکن سوال یہ ہے کیا ضلع سرگودھا بھیرہ تحصیل اور شہر کی گلیوں، محلوں اور شاہراہوں پر آج بھی کیمیکل والا دودھ نہیں بک رہا؟ کیا یہ زہر اب بھی عوام کی رگوں میں نہیں دوڑ رہا؟ یہ محض ملاوٹ نہیں یہ کیمیکل سے تیار شدہ دودھ ہے جو جسم کے خلیوں میں زہر گھول رہا ہے۔ فوڈ اتھارٹی کی گاڑیاں روز گھومتی ہیں، پھر رپورٹ آتی ہے کہ ''چالیس لیٹر دودھ تلف'' عوام کو بہلانے کا نیا طریقہ ایجاد ہو گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی سرگودھا ڈویژن شہباز سرور سالوں سے یہاں تعینات ہیں، مگر کارکردگی کا عالم یہ کہ عوام آج بھیز ہریلا دودھ، جعلی مصالحے، غیر معیاری بیکری آئٹمز کھانے پر مجبور ہیں۔ کروڑوں، اربوں روپے عوام کے علاج پر لگتے ہیں مگر جب خوراک ہی زہریلی ہو تو علاج کا فائدہ کیا؟ کیا یہ بیماریاں انہی کیمیکل زدہ اشیاء کا شاخسانہ نہیں؟ کیا کسی کو احساس ہے کہ روز کتنے بچے، عورتیں اور بزرگ اس سفید زہر سے بیمار ہو رہے ہیں؟ اور سوال یہ بھی کیا یہ دودھ صاحبِ اقتدار کے بچے بھی پیتے ہیں؟ یا ان کے گھروں میں علیحدہ گائیں بھینسیں ہیں، اور عوام کے لیے چھوڑ دیا گیا ہے یہ زہریلا کیمیکل؟ اب وقت ہے کہ کمشنر سرگودھا اس ''کاغذی کارکردگی'' سے ہٹ کر ایک حقیقی، سخت اور بے لاگ کارروائی کا آغاز کریں۔ عوام کو رپورٹ نہیں، نتیجہ چاہیے۔ یہ صرف فوڈ اتھارٹی کا نہیں، بلکہ پوری انتظامیہ کا امتحان ہے۔ عوام کی صحت داؤ پر ہے، اور اب کوئی فائل یا پریس ریلیز اس تلخ حقیقت کو نہیں چھپا سکتی۔ یہ دودھ نہیں سفید زہر ہے۔ بھیرہ شہر میں دودھ کی بے شمار خوبصورت دکانیں بن گئی ہیں حالانکہ بھیرہ کہ نواحی دیہاتوں میں ذمہ دار اتنا دودھ فروخت نہیں کرتے محکمہ فوڈ اتھارٹی صرف قاضی کارروائی کرنے میں عمل پیرا ہے اندرون شہر میں کیمیکل سے تیار کردا دودھ سرعام فروخت ہو رہا ہے مقامی سطح پر اس کے خلاف کارروائی ضرور ہونی چاہیے

تحصیل بھیرہ میں بلدیات کا الیکشن کا اعلان ہوتے ہی ہلچل شروع

اس وقت شہر میں مختلف پارٹیوں میں اپنے اپنے امیدواروں کے لیے رابطے شروع کر دیے ہیں

بھیرہ (اشفاق احمد انجم ڈسٹرکٹ رپورٹر) تحصیل بھیرہ میں بلدیات کا الیکشن کا اعلان ہوتے ہی ہلچل شروع اس وقت شہر میں مختلف پارٹیوں میں اپنے اپنے امیدواروں کے لیے رابطے شروع کر دیے ہیں اور تمام پارٹیوں کے ڈیروں پر ہلچل شروع ہو گئی ہے اور اب ماشاءاللہ جو پورے سال نظر نہیں آتے وہ غمی خوشیوں میں بھی نظر آنا شروع ہو گیا ہے پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماؤں ہر غمی اور خوشی میں شامل ہوتے ہیں چاہے وہ اپنی پارٹی سے ہو یا دوسری پارٹی سے ہو اس کی وجہ سے ان کی پوزیشن دوسری پارٹیوں سے قدر اچھی ہے اس وقت شہر میں پاکستان مسلم لیگ نون پیپلز پارٹی تحریک انصاف اور تمام دوسری پارٹیوں رابطے شروع کر دیا ہے اس وقت اگر دیکھا جائے تو کسی پارٹی کی بھی مضبوط پوزیشن نہیں ہے ہر پارٹی کو بڑی محنت کرنا پڑے گی اس کے لیے جو کہ پاکستان مسلم لیگ نون نے کام تو ماشاءاللہ بہت اچھے کروائے ہیں گرین بس سروس تمام گلیوں کی تعمیر بچوں کے لیے پارک اور تمام روڈوں کی تعمیر شروع کی ہوئی ہے مگر اصل مسئلہ تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال میں ڈاکٹروں کی کمی اور تحصیل میں دو تھانوں کا قیام اور نادرہ اپ اس میں پاسپورٹ کا قیام اور اس کے علاوہ جو ماشاءاللہ بھرتھ برادران نے علاقے کے لیے جو سکیم منظور کروائی ہیں ان پر فوری طور پر کام ہونا چاہیے ماشاءاللہ تحصیل بھیرہ کو خوبصورت بنانے شہر کے لیے بہت بڑے پیکج کا اعلان کیا ہے جس پر امید ہے جلد کام شروع ہو جائے گا جس کی وجہ سے پاکستان مسلم لیگ کے امیدواروں کے لیے اچھی خبر ہوگی مگر اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے کہ ورکر جو پارٹی کا سرمایہ ہوتے ہیں ان کے ساتھ بھی رابطہ بہت ضروری ہے کیونکہ شہر میں رابطے کا فقدان ہے جس کی وجہ سے شہر میں بہت بڑی کمی محسوس کی جا رہی ہے اس کی طرف بھی توجہ دینا بہت ضروری ہے دوسری پارٹیوں میں بھی ابھی تک اپنے ورکروں کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں کیا ہے اس لیے یہ الیکشن بہت سارے نتائج سامنے لا سکتا ہے جس سے پارٹیوں کی کارکردگیوں پر سوال اٹھ سکتے ہیں

تحصیل بھیرہ میں بلدیات کے الیکشن کے لئے یوسی اٹھ کے لیے امیدواروں میں اپنی کمپین شروع کر دی

جس میں چیئرمین کے لیے فرزند بھیرہ راجہ مجاہد بکھر چیئرمین کے لیے کوششیں شروع کر دی گئی ہیں



بھیرہ (اشفاق احمد انجم ڈسٹرکٹ رپورٹر) تحصیل بھیرہ میں بلدیات کے الیکشن کے لئے یوسی اٹھ کے لیے امیدواروں میں اپنی کمپین شروع کر دی ہے جس میں چیئرمین کے لیے فرزند بھیرہ راجہ مجاہد بکھر چیئرمین کے لیے کوششیں شروع کر دی گئی ہیں اس سلسلے میں بہت جلد پاکستان مسلم لیگ نون کی میٹنگ میں فیصلہ کیا جائے گا کہ یوسی اٹھ اور نو کے لیے امیدواروں کا چناؤ کیا جا سکے اس سلسلہ میں رابطے بھی شروع کر دیے گئے ہیں اس وقت میدان میں نئے چہرے سامنے ائیں گے ہر پارٹی نئے چہرے ساتھ میدان میں اترے گی یوسی اٹھ اشفاق احمد انجم خواجہ محمد بلال بھی امیدوار ہو سکتے ہیں

پاکستان میں اسرائیلی پارلیمنٹ کی گونج: سوچنے کا وقت آ گیا ہے

پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ایک ایسا لمحہ دیکھا گیا جب اسرائیلی پارلیمنٹ کی براہ راست کارروائی پاکستان میں نشر کی گئی۔ یہ لمحہ بظاہر ایک تاریخی پیش رفت کے طور پر پیش کیا گیا، لیکن اس کے پس پردہ کئی گہرے سوالات چھپے ہوئے ہیں جن پر غور کرنا ناگزیر ہے۔ اسرائیلی پارلیمنٹ میں جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خطاب کیا اور وہاں موجود اراکین نے کھڑے ہو کر ایک امریکی یہودی خاتون مریم ایڈلسن کے کردار کو سراہا، تو دراصل یہ محض ایک شخص کی تعریف نہیں تھی بلکہ ایک پوری سوچ، ایک نظریے، اور ایک عالمی اثر و رسوخ کے نظام کی تمجید تھی۔ مریم ایڈلسن کوئی عام خاتون نہیں ہیں۔ وہ دنیا بھر میں جوئے کے کاروبار کی سب سے بڑی مالکن ہیں۔ ان کے کسینو مکاؤ، سنگاپور اور امریکہ کے بڑے شہروں میں موجود ہیں۔ لیکن ان کی اصل طاقت ان کی دولت نہیں بلکہ اس دولت کا استعمال ہے۔ وہ ہر سال اربوں ڈالر یہودی مفادات کے تحفظ، اسرائیل کے دفاع اور امریکہ میں یہودی لابی کو مضبوط بنانے پر خرچ کرتی ہیں۔ ان کی فنڈنگ صرف کاروباری نہیں بلکہ نظریاتی بنیادوں پر کی جاتی ہے۔ یہ خاتون ٹرمپ کی سیاسی مہم کی سب سے بڑی ڈونر تھیں۔ 2016ء کی امریکی صدارتی مہم کے دوران انہوں نے ٹرمپ کی حمایت میں سو ملین ڈالر سے زائد عطیہ کیا، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ٹرمپ نے نہ صرف امریکی یہودی لابی کے ایجنڈے کو تقویت دی بلکہ اسرائیل کے حق میں غیر معمولی فیصلے کیے، جن میں سب سے اہم بیت المقدس کو اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم کرنا تھا۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پاکستان میں اس شخصیت کی تعریف اور تمجید کا مقصد کیا تھا؟ کیا ہمیں یہ سمجھایا جا رہا ہے کہ دنیا میں کامیابی کا معیار صرف دولت ہے، چاہے وہ کسی بھی ذریعے سے حاصل کی گئی ہو؟ یا پھر ہمیں یہ باور کرایا جا رہا ہے کہ عالمی سیاست میں طاقت کے مراکز کہاں واقع ہیں؟ پاکستان ایک نظریاتی ریاست ہے جو "لا الہ الا اللہ" کے نام پر قائم ہوئی۔ مگر آج ہم اپنے قومی میڈیا پر ایک ایسی شخصیت کی تعریف سن رہے ہیں جس کا سارا سرمایہ جوئے، فحاشی اور لادینیت کے کاروبار سے جڑا ہوا ہے۔ کیا یہ ہماری نظریاتی اساس سے انحراف نہیں؟ اسلام نے ہمیشہ ایسے ذرائع آمدن کو ناپسند کیا جو انسانوں کو تباہی کی طرف لے جائیں۔ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ترجمہ: "اے ایمان والو! بے شک شراب، جوا، بت، اور فال نکالنے کے تیر ناپاک شیطانی کام ہیں، سو ان سے بچو تاکہ تم فلاح پاؤ۔" (سورۃ المائدہ، آیت 90) یہ آیت ہمیں بتاتی ہے کہ معاشرتی ترقی کا راستہ ان ذرائع سے الگ ہے جو اخلاقی زوال پیدا کریں۔ آج اگر ہم کسی ایسے شخص کی تعریف سن کر خوش ہو رہے ہیں جو انہی حرام ذرائع سے دولت کماتا ہے، تو ہمیں یہ سوچنا ہوگا کہ ہم کس سمت جا رہے ہیں۔ کیا یہ وہی قوم ہے جو کبھی مظلوم فلسطینیوں کے حق میں آواز بلند کرتی تھی؟ ہمیں یاد رکھنا چاہیے کہ طاقتور قومیں وہ نہیں ہوتیں جو دولت میں آگے ہوں بلکہ وہ ہوتی ہیں جو اپنے اصولوں پر ڈٹی رہیں۔ مریم ایڈلسن جیسے لوگ دنیاوی نظام میں طاقتور ہو سکتے ہیں، مگر اسلام کی نظر میں وہ کامیاب نہیں جن کی دولت گناہ پر مبنی ہو۔ ہمارے لیے افسوسناک پہلو یہ ہے کہ ہماری میڈیا مشینری اور اہم شخصیات بغیر کسی فکری تحقیق کے ایسی شخصیات کو مثالی بنا کر پیش کر رہی ہیں جن کا کردار اسلام اور انسانی اخلاقیات کے منافی ہے۔ یہ تاثر دینا کہ ایک یہودی خاتون کے کردار نے دنیا بدل دی، دراصل ایک نفسیاتی مہم کا حصہ ہے جس کا مقصد امتِ مسلمہ کے ذہنوں کو مغلوب کرنا ہے۔ ہمیں یہ باور کرایا جا رہا ہے کہ اگر دولت چاہیے، اثر چاہیے تو اصولوں کو چھوڑنا پڑے گا۔ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ایک مسلمان کا ایمان اس وقت مکمل نہیں ہوتا جب تک وہ حلال اور حرام میں فرق نہ کرے۔ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ترجمہ: ایک زمانہ آئے گا جب لوگ اس کی پرواہ نہیں کریں گے کہ مال کہاں سے حاصل کر رہے ہیں، حلال سے یا حرام سے۔" (صحیح بخاری، حدیث: 2059) یہ حدیث آج کے دور کی عکاسی کرتی ہے جہاں حرام کمائی کو بھی کامیابی کی علامت بنا دیا گیا ہے۔ پاکستان کو بطور قوم یہ فیصلہ کرنا ہے کہ ہم اپنی نئی نسل کے سامنے کون سے کردار مثالی بنا کر پیش کر رہے ہیں۔ اگر ہم نے اپنے میڈیا کو نظریاتی تربیت سے آزاد چھوڑ دیا، تو وہی نوجوان کل انہی کرداروں کو اپنا ہیرو سمجھ بیٹھیں گے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی نافرمانی میں فخر محسوس کرتے ہیں۔ ہمیں اس لمحے رک کر سوچنا ہوگا کہ کیا یہ وہی پاکستان ہے جس کے قیام کے لیے لاکھوں مسلمانوں نے قربانیاں دیں؟ کیا ہم نے یہ ریاست اس لیے حاصل کی تھی کہ یہاں جوئے کے کاروبار سے امیر ہونے والے لوگوں کی تعریف کی جائے؟ قوموں کی بقا ان کے نظریے میں ہوتی ہے۔ اگر نظریہ مر جائے تو قوم کا وجود باقی نہیں رہتا۔ ہمیں بحیثیت مسلمان اپنی فکری سمت درست کرنی ہوگی، اپنی نسلوں کو بتانا ہوگا کہ کامیابی کا معیار ایمان، محنت اور حلال روزی ہے، نہ کہ کسینو اور سیاسی لابیوں کی طاقت۔ دنیا کی ترقی تب تک حقیقی نہیں ہو سکتی جب تک وہ عدل اور ایمان کی بنیاد پر نہ ہو۔ مریم ایڈلسن جیسے کردار وقتی طور پر دولت مند ہو سکتے ہیں، مگر وہ کبھی روحانی کامیابی حاصل نہیں کر سکتے۔ پاکستان کو اب یہ فیصلہ کرنا ہے کہ وہ ایمان کے راستے پر چلے گا یا دنیاوی چمک دمک کے پیچھے اپنی روح کھو دے گا۔ اگر ہم نے آج سوچا نہیں، تو آنے والی نسلیں ہمیں معاف نہیں کریں گی۔ یہ وقت ہے کہ ہم دوبارہ اپنے رب کی طرف رجوع کریں، اپنے اصولوں کو زندہ کریں، اور اپنی شناخت کو مغربی اثرات سے آزاد کریں۔ کیونکہ جو قوم اپنا نظریہ بھول جاتی ہے، وہ دنیا کے نقشے سے مٹ جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں حق کو حق سمجھ کر قبول کرنے اور باطل کو باطل سمجھ کر رد کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

کراچی: وزیر بلدیات سندھ ناصر حسین شاہ سے امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر کی قیادت میں ٹاؤن چیئرمینوں کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

افغانستان سے مذاکرات کیلئے قبائلی نمائندین اور صوبائی نمائندوں پر مشتمل وفد تشکیل دیا جائے، شاہد خٹک

پشاور (این این آئی) رکن قومی اسمبلی اور تحریک انصاف کے رہنما شاہد خٹک نے افغانستان سے مذاکرات کیلئے قبائلی عمائدین اور صوبائی نمائندوں پر مشتمل وفد تشکیل دینے کا مطالبہ کر دیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے شاہد خٹک نے کہا کہ امن کے لیے وفاقی حکومت کے ساتھ بیٹھنے کو تیار ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ وفاقی حکومت ایک ایسا وفد تشکیل دے جس میں صوبائی حکومت اور قبائل کے لوگ شامل ہوں اور وہ وفد جا کر افغانستان سے بات کرے۔

سیاست سے زیادہ اہم ریاست ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان حکومت نے دہشت گردی کیخلاف جنگ کو اپنی ذمے داری سمجھ کر اپنایا ہے، میر سرفراز بگٹی کا 17 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں شورش نہیں بلکہ علیحدگی کی نام نہاد تحریکیں ہیں جنہیں بیرونی قوتیں اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کر رہی ہیں۔ ملک دشمن عناصر کا اصل ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا اور اسے تقسیم کرنا ہے۔ دشمن پاکستان کو کیک کی طرح ٹکڑوں میں بانٹنے کی خواہش رکھتے ہیں، لیکن ان کے ناپاک عزائم کو ناکامی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

انکم ٹیکس ریٹرن کی تاریخ میں توسیع کی جائے، ایف پی سی سی آئی کا مطالبہ

ٹیکس سال 2025 کے لیے انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 اکتوبر ہے

کراچی (این این آئی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) نے ایف بی آر سے مطالبہ کیا ہے کہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کی آخری تاریخ میں توسیع کی جائے تاکہ ٹیکس دہندگان کو درپیش عملی مسائل کا حل نکل سکے۔ ایف پی سی سی آئی کے صدر عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ ٹیکس سال 2025 کے لیے انکم ٹیکس ریٹرن جمع کروانے کی موجودہ آخری تاریخ 15 اکتوبر 2025 ہے، جسے 31 اکتوبر 2025 تک بڑھایا جانا ضروری ہے۔ اس ضمن میں ایف پی سی سی آئی نے چیئرمین ایف بی آر کو ایک باقاعدہ خط بھی ارسال کیا ہے جس میں ٹیکس دہندگان، کاروباری طبقے اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو درپیش چیلنجز کی نشاندہی کی گئی ہے۔ خط میں واضح کیا گیا ہے کہ بہت سے ٹیکس دہندگان کو اہم مالیاتی دستاویزات کے حصول میں تاخیر کا سامنا ہے، جبکہ ایف بی آر کے آن لائن پورٹل پر بار بار تکنیکی مسائل بھی ریٹرن جمع کروانے کے عمل کو سست کر رہے ہیں۔

پشاور ہائیکورٹ، وزیر اعلیٰ سے حلف لینے کیلئے گورنر کی دستیابی معلوم کرنے کا حکم

سپیکر صوبائی اسمبلی و دیگر ارکان اسمبلی نے آرٹیکل 255 کے تحت استدعا کی کہ کسی کو حلف لینے کیلئے نامزد کیا جائے، تحریری فیصلہ جاری

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے نومنتخب وزیر اعلیٰ سے حلف لینے کے لیے گورنر خیبر پختونخوا کی دستیابی معلوم کرنے کا حکم دے دیا۔ خیبر پختونخوا کے نومنتخب وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی سے حلف لینے کے لیے دائر درخواست پر سماعت چیف جسٹس ایس ایم عتیق شاہ نے کی، عدالت نے سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا جس میں حکم دیا گیا کہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نومنتخب وزیر اعلیٰ سے حلف لینے گورنر خیبر پختونخوا کی دستیابی معلوم کریں، ایڈیشنل اٹارنی جنرل عدالت کو آگاہ کریں۔ حکم نامے میں درج ہے کہ درخواست سپیکر صوبائی اسمبلی اور دیگر ارکان اسمبلی نے آرٹیکل 255 کے تحت دائر کی، درخواست میں استدعا کی گئی کہ سپیکر یا کسی اور کو حلف لینے کے لیے نامزد کیا جائے۔ حکمنامہ کے مطابق درخواست گزار وکیل کے مطابق علی امین گنڈاپور نے اپنا استعفیٰ گورنر کو بھجوایا، درخواست گزار کے مطابق سہیل آفریدی 13 کو وزیر اعلیٰ منتخب ہوئے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی 17 ویں نیشنل ورکشاپ بلوچستان کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

اڑان پاکستان کے ذریعے ترقی و استحکام کی راہ پر گامزن ہونا ہوگا' چودھری شہزاد نذیر سندھو

پاکستان کے پاس وسائل کی کمی نہیں، ترقی کیلئے بہتر نظام، قیادت کے استحکام کی ضرورت ہے' مسلم لیگی رہنما

رائے ونڈ (این این آئی) چیئرمین پنجاب ٹرانسپورٹ کمپنی و مسلم لیگی رہنما چودھری شہزاد نذیر سندھو نے کہا ہے کہ اڑان پاکستان کے ذریعے ترقی و استحکام کی راہ پر گامزن ہونا ہوگا، حکومتی کاوشوں کی بدولت ملک نے معاشی استحکام حاصل کر لیا ہے، پاکستان کے پاس وسائل کی کمی نہیں، ترقی کیلئے بہتر نظام اور قیادت کے استحکام کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان نے قیام کے فوراً بعد کم وسائل کے باوجود ترقی کی اور نواز شریف کے پہلے دور میں جنوبی ایشیاء کا پہلا ملک تھا جس نے معاشی ریفارمز کیں۔ پاکستان نے عالمی دباؤ اور پابندیوں کے باوجود نیوکلیئر صلاحیت حاصل کی، اب ضرورت ہے کہ دیگر شعبوں میں بھی اسی جذبے سے ترقی کی جائے۔ شہزاد نذیر سندھو نے کہا کہ پاکستان انڈر ڈیویلپ نہیں بلکہ انڈر مینیج ملک ہے، ہمیں پالیسی، منصوبہ بندی اور کارکردگی پر توجہ دینی ہوگی، حکومت نوجوانوں کو جدید سکلز سکھانے پر سرمایہ کاری کر رہی ہے

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں طلبہ حاضری مانیٹرنگ اور ریڈ رلیس سٹم کے اجرا کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے گلگت بلتستان سے متعلق 85 درخواستوں پر فیصلہ سنا دیا

ٹریبونل کا درخواست گزاروں کے تمام جرمانے اور سزائیں ختم کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے گلگت بلتستان سے متعلق 85 درخواستوں پر فیصلہ سنا دیا جس میں درخواست گزاروں کے تمام جرمانے اور سزائیں ختم کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے 2 ہفتوں میں 85 اپیلوں پر سماعت مکمل کی، چیئرمین حافظ انصار الحق اور ممبر ٹیکنیکل عبدالوحید مروت پر مشتمل دو رکنی بینچ نے کسٹمز سے متعلق اپیلوں پر سماعت کی، ٹریبونل نے کسٹمز کو سامان دوبارہ چیک کرنے اور منصفانہ معائنہ کی ہدایت کر دی۔ ٹریبونل نے اپنے فیصلے میں کہا کہ درخواست گزار کے نمائندے کی موجودگی میں سامان کا دوبارہ معائنہ کیا جائے، ڈیوٹی و ٹیکس کی ادائیگی کے بعد سامان جاری کیا جا سکتا ہے۔ ٹریبونل نے کہا کہ موجودہ امپورٹ پالیسی کی خلاف ورزی والا سامان ضبط رہے گا، درخواست گزاروں کے تمام جرمانے اور سزائیں ختم کی جاتی ہیں۔ فیصلے کے مطابق اپیل کنندگان پر درآمدی سامان میں غلط بیانی کا الزام تھا، سامان سُست ڈرائی پورٹ گلگت بلتستان پر درآمد کیا گیا تھا، کسٹمز کے مطابق سامان کی تفصیل اور مقدار میں تضاد پایا گیا۔

سندھ ہائیکورٹ کا کراچی چڑیا گھر سے مادہ ریچھ کو اسلام آباد منتقل کرنے کا حکم

رانو سات برس سے ایک جگہ قید، اسکے سر میں کیڑے پڑ چکے ہیں، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے کراچی زو میں مادہ ریچھ رانو کے لئے ناکافی انتظامات سے متعلق درخواست پر زو انتظامیہ کو 2 روز میں رانو کو اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کے حوالے کرنے کا حکم دیدیا۔ منگل کو سندھ ہائیکورٹ میں جسٹس محمد اقبال کلہوڑو نے کراچی زو میں مادہ ریچھ رانو کے لئے ناکافی انتظامات سے متعلق درخواست کی سماعت کی۔ سیکرٹری وائلڈ لائف اور سینئر ڈائریکٹر کراچی زو عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواستگزار کے وکیل نے موقف دیا کہ رانو کو سات برس سے ایک جگہ قید رکھا ہوا ہے۔ رانو کے سر میں کیڑے پڑ چکے ہیں۔ عدالت نے کے ایم سی انتظامیہ پر اظہار برہمی کرتے ہوئے ریمارکس دیے کہ ایسی حالت میں رانو کو کیسے رکھا جا سکتا ہے؟ آپ خود سے اپنے کام کیوں نہیں کرتے؟ ہر کام کے لئے عدالت کے حکم کا انتظار کیوں ہوتا ہے؟ ریچھ کو کہیں اچھی جگہ منتقل کیوں نہیں کرتے؟۔

کراچی: گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے ایوارڈز کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے ہیں۔

تنہائی کیا چیز ہے

تنہائی کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کمرے میں اکیلے بیٹھے ہیں بلکہ تنہائی تب ہوتی ہے جب آپ لوگوں میں بھی ہوں لیکن اندر دل میں خالی پن محسوس کریں۔ تنہائی کی اصل وجہ انسان کے پاس سننے والا کوئی نہیں ہوتا کوئی ایسا جس سے دل کی بات کہہ سکے۔ اکثر لوگ ہمیں دیکھ کر سمجھتے ہیں کہ ہم خوش ہیں لیکن اندر سے ہم خالی ہوتے ہیں۔ امپورٹنٹ بات تنہا ہونا غلط بات نہیں ہے لیکن خود کو اکیلا محسوس کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اس کے لیے کسی سچے دوست یا اپنے رب سے بات کرنا سب سے بہترین علاج ہے۔

نواز شریف کے عوامی خدمت کے وژن پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے' سیف الملوک کھوکھر

ہمت کارڈز کی تقسیم کا دائرہ کار پورے پنجاب میں پھیلایا جائے گا' صدر مسلم لیگ (ن) لاہور کا خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور کے صدر سیف الملوک کھوکھر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز پر تنقید کرنے والے اپنی کارکردگی سے مقابلہ کریں کیونکہ تنقید سے ترقی نہیں ہوتی، مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کے عوامی خدمت کے وژن پر عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کھوکھر پیلس لاہور میں حلقہ این اے 126 کے خصوصی افراد میں ہمت کارڈز کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اقدامات قابلِ تحسین ہیں، آج پنجاب دوسرے صوبوں سے بہت آگے نکل چکا ہے، ان شاءاللہ ہمت کارڈز کی تقسیم کا دائرہ کار پورے پنجاب میں پھیلایا جائے گا تاکہ خصوصی افراد باعزت زندگی گزار سکیں، ہمارا مقصد عوام کی خدمت اور کمزور طبقوں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔

نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس ڈی ایس پی افضل مجید کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں

چتوکی (این این آئی) نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس ڈی ایس پی افضل مجید کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں مرحومہ کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی عمران یوسف بھٹی، نوید بھٹی سمیت اعلیٰ افسران کا افضل مجید کی والدہ کے انتقال پر اظہار افسوس۔ ملنسار آفیسر نیشنل ہائی وے اینڈ موٹر وے پولیس بیٹ نمبر 13 چتوکی ڈی ایس پی افضل مجید کی والدہ محترمہ انتقال کر گئی۔

قصور: ڈپٹی کمشنر اینجنگ ڈائریکٹر عمران علی کے ٹی ڈبلیو ایم اے کی مینجمنٹ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

خطے کے امن کیلئے افغان قیادت ذمہ داری کا مظاہرہ کرے' جے یو آئی (س)

افغانستان، پاکستان کے مابین تعلقات، استحکام اور روابط پورے خطے کیلئے اہم ہیں' قاری اعظم دیگر

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری محمد اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ خطے کے امن کیلئے افغان قیادت ذمہ داری کا مظاہرہ کرے، پاکستان اور افغانستان کے تعلقات کو خراب کرنے کیلئے امریکہ اور بھارت نئی سے نئی چال چلتے ہیں، افغانستان اور پاکستان مابین تعلقات، استحکام اور روابط پورے خطے کیلئے اہم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اور افغانستان مستقل اور پائیدار امن، خطے کی سلامتی اور ترقی و خوشحالی کے لیے مسائل کو افہام و تفہیم سے تمام متنازعہ معاملات کو دونوں کے اعلیٰ ذمہ دار قیادت باہمی تحمل بردباری سے حل کرے

علاقہ دلے والا سے تعلق رکھنے والا 25 سالہ شاہد کی ذہانت کا کمال

جنڈانوالا (این این آئی) ضلع بھکر کے پسماندہ